

وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

ABC CERTIFIED

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد

ایڈیٹر انچیف راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 07 | جمعرات 12 نومبر 2026ء 29 جمادی الثانی 1448ھ | صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 65

فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

کوہاٹ پولیس پر بڑا حملہ، 11 اہلکار شہید

علاقے میں سیکیورٹی فورسز کی بھاری نفری طلب

مائننگ آپریشن خونریز معرکے میں تبدیل، گمبٹ میں پولیس اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ

گمبٹ میدانِ جنگ بن گیا، غیر قانونی مائننگ آپریشن پر پولیس ٹیم دہشت گردوں کے نشانے پر، 11 جوان شہید

کوہاٹ میں پولیس پر قیامت ٹوٹ پڑی، دہشتگرد گھات لگا کر بیٹھے تھے مائننگ آپریشن خونریز معرکے میں۔ تبدیل، 12 پولیس اہلکار زخمی

کوہاٹ (بیورو رپورٹ) کوہاٹ کے علاقے گمبٹ میں غیر قانونی مائننگ کے خلاف آپریشن کے لیے جانے والی پولیس نفری پر دہشت گردوں نے بڑا حملہ کر دیا، نتیجے میں ڈی ایس پی گمبٹ حیدر زمان اور اسسٹنٹ سب انسپکٹر مختیار سمیت 10 پولیس اہلکار شہید اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

عمران خان کا پمز ہسپتال میں طبی معائنہ جسمانی حالت تسلی بخش قرار

آنکھوں کا تفصیلی معائنہ، بلڈ پریشر چیک کیا گیا اور کولیسٹرول اور دیگر ضروری طبی ٹیسٹ بھی کیے گئے

مزید ادویات تجویز، طبی معائنے کے بعد بانی پی ٹی آئی کو سخت سکیورٹی میں واپس اڈیالہ جیل منتقل کر دیا گیا

راولپنڈی (صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی اور سابق وزیر اعظم عمران خان کو رات گئے اڈیالہ جیل سے سخت سکیورٹی میں پمز اسپتال منتقل کیا گیا جہاں ڈاکٹروں نے ان کا تفصیلی طبی معائنہ کیا۔ اسپتال میں عمران خان کی آنکھوں کا تفصیلی معائنہ کیا گیا، ان کا بلڈ پریشر چیک کیا گیا اور کولیسٹرول اور دیگر ضروری طبی ٹیسٹ بھی کیے گئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ڈاکٹروں نے ان کی پہلے سے تجویز کردہ ادویات کا جائزہ لیا اور مزید ادویات بھی تجویز کیں۔ طبی معائنے کے بعد بانی پی ٹی آئی کو سخت سکیورٹی میں واپس اڈیالہ جیل منتقل کر دیا گیا۔

پاکستان کو ایل این جی درآمد کے لئے مہنگی ترین بولیاں موصول

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی آئندہ 2 ماہ کیلئے مائع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)



انقرہ، وزیر اعظم شہباز شریف، سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ انتونیو گوتریس، ترک صدر اردگان و دیگر سربراہ مملکت کا کوپ 31 سمٹ کے موقع پر گروپ فوٹو

حافظ نعیم الرحمن کا 29 نومبر کو مینار پاکستان پر جلسہ کا اعلان

کوئٹہ میں بائیس نومبر۔ پشاور اور کراچی میں بڑے جلسے کریں گے، پٹرولیم لیوی پر معاہدہ تیار جلد عوام کو ریلیف کا اعلان کیا جائیگا

جاری احتجاجی تحریک کو وسعت دے کر مہنگائی، بلدیاتی انتخابات، کسانوں کے مسائل شامل کر رہے ہیں، امیر جماعت اسلامی



لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

لاہور (نمائندہ شہر نامہ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے مہنگائی، کسانوں کے مسائل اور بلدیاتی انتخابات نہ کرائے جانے کے خلاف عوامی بیداری مہم کے تحت مینار پاکستان لاہور، کوئٹہ، پشاور اور کراچی میں بڑے عوامی جلسوں کا اعلان کیا ہے۔ منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں بائیس نومبر اور مینار پاکستان پر تئیس نومبر کو تاریخی جلسے ہوں گے، اس کے بعد پشاور اور کراچی میں عوامی جلسوں کا انعقاد ہوگا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

شہری ترقی کیلئے نئے تقاضوں کے مطابق انتظامی نظام ناگزیر، چیئرمین ایف بی آر

اسلام آباد (آئی این پی) چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) راشد لنگڑیال نے کہا ہے کہ شہروں کی بہتر ترقی کیلئے نئے شہری حقائق کے مطابق انتظامی نظام تشکیل دینا ہوگا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

بشریٰ بی بی کی 29 مقدمات میں عبوری ضمانتوں میں توسیع

راولپنڈی (صباح نیوز) انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے سابق وزیر اعظم عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے خلاف درج 29 مقدمات میں عبوری ضمانتوں میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

فرانسیسی حکومت ناکامیوں کا ملبہ دوسروں پر ڈال رہی ہے، عراقچی

فرانس عوامی مسائل حل کرنا تو دور ریفریجریٹرز کا انتظام سنبھالنے کے بھی قابل نہیں

تہران (صباح نیوز) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نیکہا ہے کہ فرانسیسی حکومت اپنی ناکامیوں کا ملبہ دوسروں پر ڈال رہی ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے فرانسیسی حکومت کی جانب سے ایران پر عائد الزامات کا جواب دیتے ہوئے ایکس پر اپنی پوسٹ میں لکھا کہ فرانس عوامی مسائل حل کرنا تو دور کی بات ریفریجریٹرز کا انتظام بھی سنبھالنے کے بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

عسکری صلاحیتوں سے متعلق غلط اندازے نہ لگائے جائیں، ایران

اب جنگ کا جغرافیہ ایرانی مسلح افواج طے کریں گی، باقر قالیباف

تہران (صباح نیوز) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا کہ اب جنگ کا جغرافیہ ایرانی مسلح افواج طے کریں گی، ایران کی عسکری صلاحیتوں سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

سموگ کے اثرات، تبدیلیوں کیلئے پاکستان کی تیاری کا عزم

وزیر اعظم شہباز شریف کا پشاور میں شجرکاری مہم کا آغاز

پاکستان کے توانائی کے مجموعی نظام میں صاف توانائی کے ذرائع کا حصہ اب تقریباً 55 فیصد ہو چکا، 2030 تک 30 فیصد گاڑیوں کو الیکٹرک گاڑیوں میں تبدیل کرنیکا ہدف

بجلی کی ترسیل کے نیٹ ورک کو وسعت دینے، توانائی ذخیرہ کرنے کے قابل اعتماد نظام کو یقینی بنانے اور جدید ٹیکنالوجی کو قابل برداشت بنانے کے لیے بھاری سرمایہ کاری درکار

گرین انرجی کی جانب منتقلی کا عمل تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے تاہم مطلوبہ اہداف کے حصول کے لیے مسلسل مالی معاونت ناگزیر ہے، کوپ 31 اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم شہباز شریف نے ترقی پذیر ممالک کو موسمیاتی تبدیلی سے متعلق اپنے وعدے پورے کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان صاف توانائی کے ایجنڈے کو آگے بڑھانے اور پائیدار ترقی و موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کے لیے عالمی کوششوں میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ وزیر اعظم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)







انقرہ، وزیر اعظم شہباز شریف ترکیہ کے صدر رجب اردگان، ایرانی صدر مسعود پزشکیان، نائب وزیر اعظم کویت سے مصافحہ کر رہے ہیں

پیٹرول 3 روپے ڈیزل 7 روپے لیٹر سستا

پیٹرول کی نئی قیمت 335 روپے فی لیٹر کی سطح پر آ گئی، ڈیزل کی قیمت 364 روپے فی لیٹر ہو گئی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید کمی کر دی، جس کے نتیجے میں پیٹرول 335 روپے فی لیٹر کی سطح پر آ گیا۔ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق وفاقی حکومت کے منظور کردہ قیمتوں کے تعین کے طریقہ کار کے تحت پیٹرولیم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

خیر پور میں تیل و گیس کے نئے ذخائر دریافت

بٹریسم نارتھ ویسٹ-1 کنویں سے یومیہ ایک کروڑ 28 لاکھ مکعب فٹ گیس حاصل ہوئی

خیر پور (مانیٹرنگ ڈیسک) ضلع خیر پور میں تیل و گیس کے نئے ذخائر دریافت کر لیے گئے۔ او جی ڈی سی ایل نے ضلع خیر پور میں تیل و گیس کے نئے ذخائر دریافت کیے ہیں جن کی تصدیق پاکستان سٹاک ایکسچینج میں جمع کرا دی گئی ہیں۔ او جی ڈی سی ایل کے مطابق بٹریسم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

ایف بی آر کا تاخیر سے ٹیکس گوشوارے جمع کرانیوالوں کیلئے بڑا فیصلہ

اسلام آباد (صباح نیوز) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے تاخیر سے انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

تربیلا، منگلا ہائیڈل سسٹم خرابی، بجلی شارٹ فال میں اضافہ

وزارت توانائی کی جانب سے تمام کمپنیوں کو لوڈ شیڈنگ شیڈول جاری کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) تربیلا اور منگلا ہائیڈل سسٹم میں تکنیکی خرابی سے ملک میں بجلی کے شارٹ فال میں اضافہ ہو گیا۔ تربیلا اور منگلا ہائیڈل سسٹم میں تکنیکی خرابی کی وجہ سے تربیلا کے 2 یونٹ بند ہو گئے جس کے سبب بجلی کی دستیابی میں کمی سے لاہور سمیت پنجاب اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

مولانا کے پیٹے پر کرپشن کے الزام کا بھی حساب ہونا چاہیے، فیصل کنڈی

پشاور (آئی این پی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان دوسروں کو انصاف کی تلقین کرتے ہیں اور خود قبضے کی جگہ پر بیٹھے ہیں۔ گورنر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

جسٹس جمال مندوخیل کے اعزاز میں فل کورٹ ریفرنس

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی سمیت تمام 17 ججز کی شرکت، عدالتی خدمات پر خراج تحسین

اسلام آباد (صباح نیوز) سپریم کورٹ آف پاکستان کے ریٹائرڈ ہونے والے جج جسٹس جمال خان مندوخیل کے اعزاز میں فل کورٹ ریفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ خان آفریدی سمیت تمام 17 ججز نے فل کورٹ ریفرنس میں شرکت کی۔ جسٹس جمال خان مندوخیل کے اعلیٰظرفانہ بھی مہمانوں کی گیلری میں موجود تھے۔ تقریب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)



اسلام آباد، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی اور دیگر ججز کا جسٹس جمال مندوخیل کے ہمراہ گروپ فوٹو

کرک میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشتگرد حملہ ناکام

پولیس مقابلے اور مزاحمت کے بعد تمام حملہ آور پسپا ہو کر فرار ہونے پر مجبور ہو گئے

کرک (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع کرک میں پولیس چیک پوسٹ چنغوس پر رات گئے دہشت گردوں کا ایک بڑا حملہ ناکام بنا دیا گیا ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) کرک فضل واحد کے مطابق مسلح دہشت گردوں نے رات کی تاریکی میں چیک پوسٹ کو نشانہ بناتے ہوئے بھاری ہتھیاروں سے شدید فائرنگ کی، تاہم وہاں تعینات پولیس اہلکاروں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

پرتشدد کارروائی کی منصوبہ بندی، پی ٹی آئی کی خاتون رہنما لاہور سے گرفتار

لاہور (آئی این پی) مشتعل جتھہ تیار کر کے پولیس اور اسلام آباد کی جانب پرتشدد کارروائی کی منصوبہ بندی کے الزام میں ڈیفنس میں درج مقدمہ کی نامزد ملزمہ فاطمہ حیدر کو لاہور سے گرفتار کر لیا گیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

ڈسکوز کے ٹرانسفارمرز پر سمارٹ میٹرز نصب کرنیکا منصوبہ

حکومت نے عالمی بینکوں سے قرض لے کر نظام بدلنے کا منصوبہ تیار کر لیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک بھر کے بجلی صارفین کے لیے بڑی خبر سامنے آ گئی، جس کے مطابق حکومت نے عالمی بینکوں سے قرض لے کر نظام بدلنے کا منصوبہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)



اسلام آباد، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار سے گورنر سندھ نہال ہاشمی ملاقات کر رہے ہیں

وفاق نے صوبوں کے 35 ارب روپے کاٹ لیے

صوبوں سے 34 ارب 839 کروڑ روپے بطور گرانٹ وصول کیے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ وفاقی حکومت نے آئین پاکستان 1973 کے آرٹیکل 164 کے تحت چاروں صوبوں کے این ایف سی حصے سے گرانٹ کی مد میں 35 ارب روپے کاٹ لیے۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق وزارت خزانہ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

پبلک و گڈز ٹرانسپورٹ کرایوں میں کمی کا اعلان

ٹرانسپورٹرز نے 100 روپے تک کرائے مزید کم کر دیئے، سیکرٹری آر ٹی اے رانا محسن

لاہور (آئی این پی) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کے بعد پبلک ٹرانسپورٹرز نے کرایوں میں کمی کا اعلان کر دیا۔ مختلف ٹرانسپورٹ کمپنیوں نے 100 روپے تک کرائے مزید کم کر دیئے۔ گڈز ٹرانسپورٹ کیکرائے بھی مزید تین فیصد تک کم ہو گئے۔ سیکرٹری آر ٹی اے لاہور رانا محسن نے کہا کہ تمام بس اڈوں پر نئے کرائے نامے آویزاں کر دیئے گئے ہیں، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

اسلام آباد، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نیشنل بین المذاہب ہم آہنگی وامن کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

امریکی وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ کے مواخذے کی کوشش ناکام

مواخذے کی کوشش 204 کے مقابلے میں 211 ووٹوں سے مسترد کی گئی

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی ایوان نمائندگان نے وزیر دفاع جنگ ہیگسیتھ کے مواخذے کی کارروائی کی کوشش ناکام بنا دی۔ وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ کے مواخذے کی کوشش ٹرمپ کی اپنی ہی ری پبلکن پارٹی کے رکن کانگریس تھامس میسی نے کی تھی۔ ایوان میں پیٹ ہیگسیتھ کے مواخذے کی کوشش 204 کے مقابلے میں 211 ووٹوں سے مسترد کی گئی۔ پیٹ ہیگسیتھ پر ایران میں میناب اسکول پر امریکی حملے میں بچوں اور دیگر معصوم شہریوں کی شہادت کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

ربیعہ احسن قتل، شوہر کا پولی گرافک ٹیسٹ کرانے کا فیصلہ

جسمانی ریمانڈ میں 4 روز کی توسیع، کیس کی مزید تفتیش جاری، مزید تفصیلات متوقع

راولپنڈی (صباح نیوز) ربیعہ احسن کیس میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں تفتیشی حکام نے مقتولہ کے شوہر کا پولی گرافک ٹیسٹ (جھوٹ پکڑنے والا ٹیسٹ) کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ عدالت نے ملزم کے جسمانی ریمانڈ میں مزید چار روز کی توسیع کر دی ہے۔ تفتیشی حکام کی جانب سے ملزم کا پولی گرافک ٹیسٹ کرانے کا مقصد کیس سے متعلق مختلف پہلوؤں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

سعودیہ میں صارفین کے تحفظ کے نئے قانون کی منظوری

سعودی کابینہ کا حج ڈائریکٹ پروگرام 133 ممالک تک بڑھانے کا بھی فیصلہ

ریاض (آئی این پی) سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی زیر صدارت سعودی کابینہ کا اہم اجلاس ہوا، جس میں صارفین کے حقوق کے تحفظ سے متعلق نئے قانون کی منظوری دے دی گئی۔ عرب میڈیا کے مطابق نئے قانون کے تحت صارفین کے حقوق سے متعلق تمام ضوابط کو یکجا کر دیا گیا ہے، بچوں، بزرگوں اور معذور افراد کے حقوق کے تحفظ پر خصوصی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

لاہور آلودہ ترین شہروں میں بدستور پہلے نمبر پر

لاہور (صباح نیوز) لاہور میں فضائی آلودگی کی شرح میں کمی نہ آ سکی، شہر دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں بدستور پہلے نمبر پر ہے۔ شہر میں مجموعی ایئر کوالٹی انڈیکس (اے کیو آئی) 450 ریکارڈ کیا گیا، جبکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

قدرتی آفات ایشیائی ترقیاتی بینک سے پاکستان کیلئے 50 کروڑ ڈالر قرض منظور

سیلاب سے ملکی معیشت کو 2.15 ارب ڈالر کا نقصان پہنچا، سیلاب نے 91 لاکھ افراد کو غربت میں دھکیل دیا، اے ڈی بی حکام

پروگرام کے تحت سیلاب، زلزلوں اور دیگر قدرتی آفات کے بعد فوری مالی وسائل کی فراہمی کا نظام بہتر بنایا جائے گا، اعلامیہ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کے لیے قدرتی آفات سے نمٹنے اور ہنگامی تیاریوں کو بہتر بنانے کے لیے 50 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دے دی۔ اے ڈی بی کے اعلامیہ کے مطابق پروگرام کے تحت سیلاب، زلزلوں اور دیگر قدرتی آفات کے بعد فوری مالی وسائل کی فراہمی کا نظام بہتر بنایا جائے گا۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کے مطابق پاکستان کو قدرتی آفات سے سالانہ اوسطاً (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

جنیوا، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ ورلڈ اکنامک فورم کانفرنس میں شریک ہیں

سندھ حکومت کا آبادگاروں کو سبسڈی دینے کا بڑا فیصلہ

چیئرمین پی پی بلاول بھٹو 20 نومبر کو سبسڈی رقم کی فراہمی کا افتتاح کریں گے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سندھ حکومت نے رائس سیزن کے لیے سندھ ویٹ گرودرز سپورٹ پروگرام کے تحت آبادگاروں کو سبسڈی کی رقم 20 نومبر کو جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری 20 نومبر کو وزیر اعلیٰ ہاؤس میں سندھ ویٹ گرودرز سپورٹ پروگرام کے تحت آبادگاروں میں سبسڈی رقم کی فراہمی کا افتتاح کریں گے۔ وزیر زراعت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

دوزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹر و پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

فون: 0333-5196088 / 0344-5335568

Email:sheharnama@gmail.com

اداریہ

تربیلا توسیعی منصوبہ حادثہ!

صوبہ خیبر پختونخوا کے ضلع ہری پور میں تربیلا ڈیم کے پانچویں توسیعی پن بجلی منصوبے کی تعمیر کے دوران حادثہ پیش آیا ہے جس کے نتیجے میں ذخیرہ شدہ پانی منصوبے کی رابطہ سرنگ اور زیر تعمیر پاور ہاؤس میں داخل ہوگیا۔ واپڈا کے مطابق یہ واقعہ رابطہ ٹنل کے دوسرے حصے کی کھدائی کے دوران پیش آیا جب چٹان کا ایک کمزور حصہ ٹوٹ کر گر گیا۔ اطلاعات کے مطابق تمام کارکنوں کو بحفاظت باہر نکال لیا گیا جبکہ پانی ذخیرہ کرنے والے حصے سے بھی پانی نکال دیا گیا ہے۔ زیر تعمیر پاور ہاؤس سے پانی نکالنے کا عمل جاری ہے۔ واپڈا نے ٹنل نمبر پانچ منہدم ہونے کی خبروں کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرکزی سرنگ، پاور ہاؤس، ٹیل ریس کلوٹ اور سوئچ یارڈ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا۔ ڈپٹی کمشنر ہری پور نے بھی جانی نقصان نہ ہونے اور ڈیم کا ڈھانچہ محفوظ ہونے کی تصدیق کی ہے۔ اُن کے مطابق صورتحال قابو میں ہے اور واپڈا کے سینئر افسر، کنسلٹنٹس اور ٹھیکیدار جائے وقوعہ پر موجود ہیں۔ یہ منصوبہ ڈیم کی بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت میں 530,1 میگاواٹ اضافے کے لئے شروع کیا گیا تھا تاہم یہ منصوبہ مسلسل تاخیر، تعمیراتی مسائل اور مالیاتی پیچیدگیوں کا شکار ہے۔ حالیہ واقعہ ایک مرتبہ پھر منصوبے کی نگرانی، تعمیراتی معیار اور انتظامی صلاحیت کے حوالے سے سوالات اُٹھا رہا ہے۔ اگرچہ واپڈا نے مرکزی تنصیبات کو نقصان پہنچنے کی تردید کی ہے، لیکن حادثے کی وجوہ اور ممکنہ مالی اثرات کا جائزہ لینا ضروری ہے۔

یہ پہلا بڑا تعمیراتی مسئلہ نہیں ہے، اگست 2025ء میں بھی منصوبے کا کوفرڈیم (تعمیراتی مقام کو پانی سے محفوظ رکھنے کے لئے بنایا جانے والا عارضی بند) منہدم ہوگیا تھا جس سے تعمیراتی کام متاثر ہوا۔ حکومت نے اس واقعے کی تحقیقات کے لئے تین رکنی کمیٹی قائم کی جس نے جولائی 2026ء میں رپورٹ پیش کی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کمیٹی نے ٹھیکیدار، کنسلٹنٹ اور واپڈا، تینوں کو ذمہ دار قرار دیا۔ رپورٹ کے مطابق ٹھیکیدار نے معاہدے کے بعد کوفرڈیم کے ڈیزائن میں تبدیلی کی تجویز دی، کنسلٹنٹ نے ضروری تکنیکی تقاضے پورے کیے بغیر اسے مشروط طور پر قبول کیا جبکہ واپڈا نے معاہدے کی قانونی اور تکنیکی حیثیت کا مناسب جائزہ لیے بغیر منظوری دے دی۔ اصل ڈیزائن کے بجائے کمزور راک فلڈ ساخت اختیار کی گئی اور حفاظتی تہوں اور فلٹرز کے انتظام میں بھی خامیاں موجود رہیں۔ کمیٹی نے سیلابی پانی کو حادثے کی وجہ قرار دینے کے موقف کو مسترد کرتے ہوئے کہا تھا کہ پانی کا بہاؤ تربیلا کی تاریخی حد کے اندر تھا اور اسے ڈیزائن میں مدنظر رکھا جانا چاہئے تھا۔ منصوبے کے مالیاتی معاملات بھی تشویشناک ہیں، 2017ء میں اس کی ابتدائی لاگت قریباً 82 ارب روپے منظور کی گئی تھی جو جولائی 2026ء تک بڑھ کر 317 ارب روپے ہو چکی تھی۔ تحقیقاتی کمیٹی کے مطابق کوفرڈیم کے انہدام نے منصوبے کو کم از کم دو سال پیچھے دھکیل دیا جبکہ مختلف معاہدوں اور مالیاتی مدات میں اضافی اخراجات کا راستہ بھی کھولا۔


منصوبے کی تکمیل کی ابتدائی مدت 2026ء تھی جسے بڑھا کر جون 2028ء کر دیا گیا۔ مزید تشویشناک بات یہ ہے کہ پلاننگ کمیشن کے مطابق اِس منصوبے سے پیدا ہونے والی بجلی کی آئندہ 30 سال کے لئے تخمینہ لاگت 27 سے 28 روپے فی یونٹ تک پہنچ سکتی ہے جو کہ انتہائی بلند شرح ہے۔ تحقیقاتی رپورٹ میں عارضی تعمیراتی کاموں کی مد میں ادائیگیوں کے ایسے معاملات کی بھی نشاندہی کی گئی جن کے باعث بڑے نقصان کی صورت میں حکومت کے لئے ٹھیکیدار سے معاوضہ وصول کرنے کے حقوق متاثر ہوئے۔ مئی 2024ء میں منصوبے کے کنسلٹنٹ ادارے سے معاوضہ وصول کرنے کے حقوق متاثر ہوئے۔ یہ منصوبہ ڈیم کی بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت میں 530,1 میگاواٹ اضافے کے لئے شروع کیا گیا تھا تاہم یہ منصوبہ مسلسل تاخیر، تعمیراتی مسائل اور مالیاتی پیچیدگیوں کا شکار ہے۔ حالیہ واقعہ ایک مرتبہ پھر منصوبے کی نگرانی، تعمیراتی معیار اور انتظامی صلاحیت کے حوالے سے سوالات اُٹھا رہا ہے۔ اگرچہ واپڈا نے مرکزی تنصیبات کو نقصان پہنچنے کی تردید کی ہے، لیکن حادثے کی وجوہ اور ممکنہ مالی اثرات کا جائزہ لینا ضروری ہے۔

یہ پہلا بڑا تعمیراتی مسئلہ نہیں ہے، اگست 2025ء میں بھی منصوبے کا کوفرڈیم (تعمیراتی مقام کو پانی سے محفوظ رکھنے کے لئے بنایا جانے والا عارضی بند) منہدم ہوگیا تھا جس سے تعمیراتی کام متاثر ہوا۔ حکومت نے اس واقعے کی تحقیقات کے لئے تین رکنی کمیٹی قائم کی جس نے جولائی 2026ء میں رپورٹ پیش کی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کمیٹی نے ٹھیکیدار، کنسلٹنٹ اور واپڈا، تینوں کو ذمہ دار قرار دیا۔ رپورٹ کے مطابق ٹھیکیدار نے معاہدے کے بعد کوفرڈیم کے ڈیزائن میں تبدیلی کی تجویز دی، کنسلٹنٹ نے ضروری تکنیکی تقاضے پورے کیے بغیر اسے مشروط طور پر قبول کیا جبکہ واپڈا نے معاہدے کی قانونی اور تکنیکی حیثیت کا مناسب جائزہ لیے بغیر منظوری دے دی۔ اصل ڈیزائن کے بجائے کمزور راک فلڈ ساخت اختیار کی گئی اور حفاظتی تہوں اور فلٹرز کے انتظام میں بھی خامیاں موجود رہیں۔ کمیٹی نے سیلابی پانی کو حادثے کی وجہ قرار دینے کے موقف کو مسترد کرتے ہوئے کہا تھا کہ پانی کا بہاؤ تربیلا کی تاریخی حد کے اندر تھا اور اسے ڈیزائن میں مدنظر رکھا جانا چاہئے تھا۔ منصوبے کے مالیاتی معاملات بھی تشویشناک ہیں، 2017ء میں اس کی ابتدائی لاگت قریباً 82 ارب روپے منظور کی گئی تھی جو جولائی 2026ء تک بڑھ کر 317 ارب روپے ہو چکی تھی۔ تحقیقاتی کمیٹی کے مطابق کوفرڈیم کے انہدام نے منصوبے کو کم از کم دو سال پیچھے دھکیل دیا جبکہ مختلف معاہدوں اور مالیاتی مدات میں اضافی اخراجات کا راستہ بھی کھولا۔

منصوبے کی تکمیل کی ابتدائی مدت 2026ء تھی جسے بڑھا کر جون 2028ء کر دیا گیا۔ مزید تشویشناک بات یہ ہے کہ پلاننگ کمیشن کے مطابق اِس منصوبے سے پیدا ہونے والی بجلی کی آئندہ 30 سال کے لئے تخمینہ لاگت 27 سے 28 روپے فی یونٹ تک پہنچ سکتی ہے جو کہ انتہائی بلند شرح ہے۔ تحقیقاتی رپورٹ میں عارضی تعمیراتی کاموں کی مد میں ادائیگیوں کے ایسے معاملات کی بھی نشاندہی کی گئی جن کے باعث بڑے نقصان کی صورت میں حکومت کے لئے ٹھیکیدار سے معاوضہ وصول کرنے کے حقوق متاثر ہوئے۔ مئی 2024ء میں منصوبے کے کنسلٹنٹ ادارے کے ساتھ واجبات کی ادائیگی کا تنازعہ بھی سامنے آیا تھا جو انتظامی اور معاہداتی مشکلات کی نشاندہی کرتا ہے۔ عالمی بینک اور ایشیائی انفراسٹرکچر انویسٹمنٹ بینک اِس منصوبے کے لئے بالترتیب 390 ملین اور 300 ملین ڈالر فراہم کر رہے ہیں۔ یہ بیرونی مالی معاونت بھی بالآخر قومی ذمہ داری ہے کیونکہ قرضوں کی واپسی اور اُن کے مالی اخراجات کا بوجھ پاکستانی معیشت نے برداشت کرنا ہے۔ حالیہ حادثے کے بعد میڈیا اور سوشل میڈیا پر اربوں روپے کے نقصان کے خدشات سامنے آئے ہیں اِس لئے یہ معلوم کرنا ضروری ہے کہ منصوبے کو مجموعی طور پر کتنا نقصان پہنچا، آیا حادثہ چٹانوں کی ساخت کے جائزے، ڈیزائن، حفاظتی انتظامات یا ٹھیکیدار کی کارکردگی میں کسی کوتاہی کا نتیجہ ہے۔ اِن سوالات کے جواب تکنیکی معائنے اور غیر جانبدار تحقیقات ہی سے مل سکتے ہیں۔ حکومت کو پارلیمانی کمیٹی کے ذریعے تحقیقات مکمل کروا کر اِس کی رپورٹ منظرِ عام پر لانا چاہئے تاکہ حقائق عوام کے سامنے آسکیں، ذمہ داروں کا تعین ہو اور مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام ممکن بنائی جا سکے۔ تربیلا ڈیم کی توسیع پاکستان کی توانائی ضروریات کے لئے ناگزیر ہے تاہم اِس مقصد کے حصول کے لئے قومی خزانے کو مسلسل غیر یقینی صورتحال اور غیر معمولی اخراجات کے حوالے نہیں کیا جاسکتا۔

زرات اور غذائی تحفظ!

اقوام متحدہ کے اداروں فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن (ایف اے او) اور ورلڈ میٹرولوجیکل آرگنائزیشن (ڈبلیو ایم او) کی مشترکہ جائزہ رپورٹ "شدید گرمی اور زراعت" کے مطابق پنجاب کے بارانی دیہی علاقوں میں گرمی کی لہروں کی بڑھتی ہوئی شدت اور تعداد زرعی پیداوار کو متاثر کر رہی ہے۔ اس وجہ سے گھریلو آمدن میں کمی اور غذائی عدم تحفظ میں اضافہ ہو رہا ہے۔ رپورٹ میں خبردار کیا گیا ہے کہ بڑھتا ہوا درجہ حرارت عالمی غذائی پیداوار کے لیے سنگین خطرہ بن چکا ہے جو اربوں افراد کے روزگار کو متاثر کرنے کے ساتھ کمزور زرعی برادریوں کے لیے معاشی اور غذائی مشکلات پیدا کر رہا ہے۔ پنجاب کے زیادہ بارش والے علاقوں میں پھلوں کی پیداوار میں 50 فیصد تک کی ریکارڈ کی گئی ہے جبکہ فصلوں کی مجموعی پیداوار بھی متاثر ہو رہی ہے۔ مویشی پالنے کا شعبہ بھی اِس صورتحال سے محفوظ نہیں کیونکہ گرمی کے دباؤ سے بڑے جانوروں میں دودھ کی پیداوار کم اور چھوٹے مویشیوں میں منہ کھر کی بیماری پھیلنے کے واقعات بڑھ رہے ہیں۔ زرعی پیداوار میں کمی سے دیہی خاندانوں کی آمدنی اور بنیادی غذائی اشیاء خریدنے کی صلاحیت متاثر ہو رہی ہے۔ شدید گرمی میں سبزیوں، دودھ اور دیگر جلد خراب ہونے والی اشیاء کے ضائع ہونے کی رفتار بڑھ جاتی ہے جس سے مقامی منڈیوں میں خوراک کی دستیابی کم اور قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے۔ دیہی خاندان بازار سے خوراک خریدنے کی استطاعت بھی کھو رہے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق اِس صورتحال کی خواتین پر غیر متناسب طور پر زیادہ اثر پڑ رہا ہے، پنجاب میں خواتین زرعی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے ساتھ گھریلو ذمہ داریاں بھی ادا کرتی ہیں جبکہ شدید گرمی میں کام کرنے سے ان میں بیماریوں اور طبی پیچیدگیوں کا خطرہ بڑھ رہا ہے۔ حاملہ اور بچوں کو دودھ پلانے والی خواتین کے لیے یہ خطرات زیادہ سنگین ہیں کیونکہ انہیں اضافی غذائیت اور متوازن خوراک درکار ہوتی ہے لیکن اکثر انہی ضروریات پر سمجھوتہ کیا جاتا ہے۔ خاندان کے دیگر افراد کو خوراک فراہم کرنے کے لیے اپنی غذا کم کر دینے کی حکمتِ عملی خواتین کی صحت اور قوتِ مدافعت کو متاثر کر سکتی ہے۔ بڑھتا ہوا درجہ حرارت خشک سالی جیسے ماحولیاتی خطرات کو شدید کرنے، جنگلاتی آگ کے امکانات بڑھانے اور دیگر پیچیدہ ماحولیاتی مسائل کو جنم دینے کا سبب بن رہا ہے۔ اِس سے عالمی زرعی پیداوار کے ساتھ ان مزدوروں کی جسمانی صحت بھی متاثر ہو رہی ہے جو موسمیاتی تبدیلی کے براہِ راست اثرات کا سامنا کرتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق سائنسی شواہد ثابت کرتے ہیں کہ شدید گرمی دنیا بھر میں زرعی پیداوار میں نمایاں کمی کا باعث بن رہی ہے۔



گرین ہاؤس گیسوں کا اخراج مسلسل بڑھتا رہا تو 2100ء تک دنیا کے تقریباً نصف مویشی خطرناک حد تک گرمی کی زد میں آسکتے ہیں جس سے سالانہ تقریباً 40 ارب ڈالر کا نقصان متوقع ہے تاہم اخراج کو کم رکھنے کی صورت میں مویشیوں کو شدید گرمی سے پہنچنے والے نقصانات میں تقریباً دو تہائی کمی لائی جاسکتی ہے۔ آبی نظام بھی متاثر ہو رہا ہے، سمندری گرمی کی لہریں بڑے پیمانے پر آبی حیات کی ہلاکتوں کا سبب بن رہی ہیں جبکہ پھیلیوں کے گروہ ٹھنڈے پانی کی تلاش میں اپنے قدرتی مسکن تبدیل کر رہے ہیں۔ رپورٹ کا بنیادی پیغام ہے کہ شدید گرمی اب محض موسمی مسئلہ نہیں بلکہ زراعت، دیہی معیشت، غذائی تحفظ، خواتین کی صحت اور عالمی ماحولیاتی توازن کے لیے سنگین خطرہ بن چکی ہے۔

رواں سال ستمبر میں یہ رپورٹ سامنے آئی تھی کہ پاکستان بھر سے پھلوں کی برآمدات میں اگست 2026ء کے دوران اگست 2025ء کے مقابلے میں 41 فیصد سے زیادہ کی کمی آئی ہے۔ ادارہ برائے شماریات پاکستان کے اعداد و شمار کے مطابق اِس دوران برآمدات کی مالیت 5.18 ملین ڈالر تک کم ہوگئی جبکہ اگست 2025ء میں پھلوں کی برآمد سے 5.31 ملین ڈالر زرمبادلہ کمایا گیا تھا۔ پاکستان کی معیشت میں زراعت بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ وزارتِ خزانہ کی پاکستان اکنامک سروے 2025-26ء کے مطابق زرعی شعبے کی مجموعی شرحِ نمو 89,2 فیصد رہی جبکہ قومی جی ڈی پی میں اِس کا حصہ 44,23 فیصد ہے اور یہ ملک کی لگ بھگ 33 فیصد افرادی قوت کو روزگار فراہم کرتا ہے۔ وفاقی وزارتِ منصوبہ بندی کے مطابق زرعی تجارت پاکستان کی مجموعی برآمدات کا قریباً 22 فیصد ہے تاہم مالی سال 2025-26ء میں غذائی اجناس کی برآمدات 49.29 فیصد کمی کے بعد 017.5 ارب ڈالر رہیں جبکہ غذائی اشیا کی درآمدات کا حجم 15.9 ارب ڈالر تک پہنچ گیا۔ یہ اعداد و شمار واضح کر رہے ہیں کہ موسمیاتی تبدیلیوں سے زرعی پیداوار کو پہنچنے والا نقصان ملکی معیشت اور غذائی تحفظ دونوں کے لیے سنگین خطرہ بن سکتا ہے۔

اِس صورتحال سے نبٹنے کے لیے پاکستان کو گرمی اور خشک سالی برداشت کرنے والی فصلوں کی اقسام متعارف کرانے، جدید آبپاشی اور پانی کے موثر استعمال، موسمیاتی پیشگوئی اور قبل از وقت انتباہی نظام کو دیہی علاقوں تک وسعت دینے، کسانوں کو جدید زرعی تربیت و مالی معاونت فراہم کرنے اور زرعی اجناس کے لیے کولڈ سٹوریج و جدید ترسیلی نظام بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ حکومت کو ملک میں زرعی ایمرجنسی نافذ کر کے کسانوں کی مشاورت سے فوری طور پر مختصر اور طویل مدتی پالیسیاں تشکیل دینی چاہئیں، ایسے تمام ممالک سے رابطہ کرنا چاہئے جو شدید گرمی سے نبٹنے میں کامیاب رہے ہیں تاکہ غذائی تحفظ یقینی بنانے کے لیے ان کے منصوبوں سے استفادہ کیا جاسکے۔

اردو کی عالمی سفیر

پاکستانی دنیا میں جہاں کہیں بھی ہیں، اردو زبان و ادب سے محبت میں بندھے ہوئے ہیں۔ یہ کہنا بے جا نہیں ہوگا کہ عالمی سطح پر اردو کی بستیاں آباد کی ہوئی ہیں جو پاکستانیت اور اردو زبان کی ترویج و اشاعت کا سب سے بڑا ذریعہ ہیں۔ امریکہ وہ ملک ہے جہاں اردو ادب کو باقاعدہ ایک منظم انداز سے آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ ویسے تو کینیڈا، برطانیہ، جرمنی، متحدہ عرب امارات بھی ایسے ممالک ہیں جہاں پاکستانی اپنی ادبی وتہذیبی شناخت کو قائم رکھے ہوئے ہیں اور اُن کی سرگرمیوں سے دنیا بھر میں ادب کی آگاہی ہوتی رہی ہے تاہم امریکہ کی متعدد ریاستیں اور شہر ایسے ہیں جو اب ادب کا بڑا مرکز بن گئے ہیں۔ میں شخصیات کے نام گننے لگوں تو گنتی میں نہیں آتے۔ امریکہ جیسی مصروف زندگی میں اپنے ملک، ادب اور زبان وثقافت کے لئے وقت نکالنا آسان نہیں ہوتا، مگر امریکہ کے در و دیوار ہمیشہ اردو ادب کی کانفرنسوں، مشاعروں، سیمینارز اور دیگر تقریبات سے گونجتے رہتے ہیں۔ وکیل انصاری، غضنفر ہاشمی، بینا گوئندی، سید الطاف بخاری، مجید اختر، مونا شہاب، ناہید ورک، ظہور ندیم، نسیم سید، حامد محمود اور بہت سے دوست پاکستانی ادب کا چہرہ نمایاں کئے ہوئے ہیں یہ اس لئے بھی ضروری ہے کہ بھارت سے تعلق رکھنے والے ادیب و شاعر بھی اپنے ادب اور زبان کے لئے وہاں کوشاں رہتے ہیں چونکہ اردو اور ہندی میں زیادہ تر رسم الخط کا ہی فرق ہے اور بولنے میں بے حد مشابہت ہے اس لئے اردو کو وہاں ایک بڑی اور موثر زبان کے طور پر زندہ رکھنے کے لئے اس قسم کی سرگرمیاں اور کاوشیں ضروری ہیں اس ضمن میں چند روز پہلے امریکہ کے شہر ہیوسٹن میں ہونے والی دو روزہ عالمی اردو کانفرنس نے بھی اہم کردار ادا کیا۔ یہ اس لحاظ سے ایک اہم اور بڑی کانفرنس تھی کہ اس میں رکھے گئے موضوعات اور شرکت کرنے والی عالمی سطح کی شخصیات نے شرکت کر کے اس کی اہمیت وافادیت کو بڑھا دیا۔ امریکی ریاست ٹیکساس کے شہر ہیوسٹن میں ہونے والا یہ تیسرا پاکستانی دو روزہ فیسٹیول ادب، صحافت، ثقافت اور سماجی مسائل پر اہم سیاحت کی آماجگاہ بنا، گویا دیارِ غیر میں پاکستان کو درپیش مسائل اور چیلنجوں کی اس میں نشاندہی کی گئی، اس فیسٹیول کا اہتمام انٹرنیشنل اکیڈیمی آف لیٹرز یو ایس اے نے کیا تھا جس کے روحِ رواں ممتاز پاکستانی شاعر، ادیب اور محقق ڈاکٹر غضنفر ہاشمی ہیں۔ اس فیسٹیول کی خاص بات یہ تھی کہ اس میں مختلف ممالک اور پاکستان سے آنے والے سکالرز، ادیبوں، شاعروں اور قلم کاروں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کیا گیا تھا۔ انٹرنیشنل اکیڈیمی آف لیٹرز یو ایس اے اب امریکہ میں فروغِ فکر وادب کی ایک موثر تنظیم ہے۔ اس کا یہ تیسرا فیسٹیول پہلے دو ادبی میلوں کے مقابلے میں بہت کامیاب اور دور رس اثرات کا حامل ثابت ہوا ہے۔

اس دو روزہ ادبی فیسٹیول کے موضوعات پر نظر ڈالی جائے تو اُن میں اتنا تنوع اور گہرائی ہے کہ بڑے تحقیقی مقالوں کا موضوع بن سکتے ہیں۔ "اردو ادب میں خواتین کی آواز" کے موضوع پر ہونے والے مذاکرے میں بڑی اہم گفتگو ہوئی، جس میں پروفیسر طاہرہ نقوی، بینا گوئندی، عشرت آفریں، ڈاکٹر صائمہ ارم، مونا شہاب جیسی ادب کی سفیر اظہار کرنے والی تھیں۔ بینا گوئندی نے ایک اہم بات یہ کی کہ ادب کو صرف خواص تک محدود نہیں ہونا چاہئے بلکہ اس کے اثرات کا دائرہ عوام تک پھیلنا چاہئے۔ خاص طور پر پاکستانی سماج کی جو عورت ہے اُس کی نمائندگی ادب میں ہوگی تو یہ کہا جاسکے گا کہ اردو ادب خواتین کی آواز بن گیا ہے۔ فیسٹیول کے دیگر موضوعات میں "دو ثقافتیں، دو نسلیں، قیادت کے نئے تصورات" ذہنی صحت کے مسائل



اور چیلنجز، پاکستانی سینما اور ڈرامہ ماضی و حال، اقبال ہر عہد کا شاعر، پاکستانی میڈیا سچائی اور ذمہ داری، پاکستان کے مستقبل کا نیا تصور، چیلنجز اور مواقع شامل تھے۔ جن میں شریک عالمی شہرت یافتہ سکالرز نے سیر حاصل گفتگو کی۔ دو روزہ تقریبات کے اختتام پر ایک عالمی مشاعرہ ہوا، جس کی نظامت معروف شاعر اور اسلام آباد کی محبوب شخصیت محبوب ظفر نے کی۔ غضنفر ہاشمی نے بتایا کہ عالمی سطح کا دو روزہ ادبی فیسٹیول منعقد کرنا بہت توجہ، وسائل اور شفقت مانگتا ہے۔ یہ انٹرنیشنل اکیڈمی آف لیٹرز یو ایس اے کا اعزاز ہے کہ وہ ایسے مشکل کام کر گذرتی ہے اور ادب کو نئی راہیں اور نئی منزلیں دکھاتی ہے۔ انہوں نے بتایا اس فیسٹیول کا افتتاح امریکہ میں پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ نے کرنا تھا تاہم آخر وقت پر سرکاری مصروفیات کی وجہ سے وہ نہ آسکے تاہم انہوں نے وڈیو پیغام کے ذریعے خطاب کیا اور اس فیسٹیول کو ادب اور پاکستانی ثقافت کی شناخت میں اہم قدم قرار دیا۔ ہیوسٹن میں پاکستانی قونصل جنرل تقریب میں شریک ہوئے، آفتاب چودھری نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے پاکستانی کمیونٹی کی اُن کوششوں کو سراہا جو وہ امریکہ جیسے بڑے ملک میں اپنا موثر کردار ادا کرنے کے لئے کر رہی ہے۔

ہیوسٹن میں سید الطاف بخاری غضنفر ہاشمی، نیو یارک میں وکیل انصاری، میری لینڈ میں بینا گوئندی و حامد محمود، مشی گن میں ناہید ورک، واشنگٹن میں ظہور ندیم، کینیڈا میں اشفاق حسین، قیصر وجدی، عرفان ستار، عظمیٰ محمود، نافع ادا، فاطمہ زہرہ، شکاگو میں عالمی وبستانِ ادب، آسٹریلیا میں طارق مرزا، گہت نسیم، جرمنی میں شازیہ نورین سعید، عاطف توقیر غرض کس کس کا ذکر کروں، سب پاکستانی ادب کا پرچم اٹھائے ہوئے ہیں۔ ان میں برطانیہ بھی ایک بڑے ملک کی حیثیت سے شامل ہے جہاں طٰہٰ قریشی جیسی شخصیات بھی ہیں جو پاکستان کا درد بھی رکھتی ہیں اور اس کی علمی و ادبی شناخت کو اُجاگر کرنے کے لئے بھی سرگرم ہیں یہ صرف چند نام ہیں۔ حقیقت میں سینکڑوں نہیں ہزاروں ایسے پاکستانی مفکر و ادیب ہیں، جنہوں نے بیرونِ ملک رہ کر وہاں کی زندگی میں اپنی شناخت مدغم کرنے کی بجائے اسے بڑھایا ہے۔ تقریبات کراتے ہیں اردو کی جوت لگاتے ہیں، ویسے تو پاکستانی سفارتخانے ان سرگرمیوں میں شریک ہوتے ہیں

کھڑک سنگھ!

آپ نے یہ مشہور مقولہ کبھی نہ کبھی تو ضرور سنا ہوگا کہ "کھڑک سنگھ کے کھڑکنے سے کھڑکتی ہیں کھڑکیاں"۔ اس مقولے کے پیچھے ایک سچی داستان ہے پہلے وہ داستان سن لیں پھر آپ کو بتاؤں گا کہ یہ مقولہ آج کے دور میں کس طرح دوبارہ حقیقت بن کر سامنے آگیا ہے۔ سردار کھڑک سنگھ پٹیالہ کے مہاراجہ کے ماموں تھے اور پٹیالہ کے سب سے بااثر بڑے جاگیردار اور گاں کے پنچایتی سرپنچ بھی تھے۔ ایک دن معمولات سے بیزار ہو کر سردار کھڑک سنگھ اپنے بھانجے کے پاس گئے اور کہا کہ "شہر کے سیشن جج کی کرسی خالی ہے مجھے جج لگوا دو (ان دنوں میں کسی بھی سیشن جج کے آرڈرلی انگریز وائسرائے کیا کرتے تھے)۔ یہ سن کر مہاراجہ پٹیالہ کی ہنسی چھوٹ گئی اور کھلکھلا کر بولے ماموں آپ اور جج۔۔۔ نہ بھئی نا یہ ناممکن ہے؟

سردار کھڑک سنگھ نے کہا دنیا میں کچھ بھی ناممکن نہیں

مہاراجہ پٹیالہ نے کہا آپ تو پڑھے لکھے نہیں ہیں جج کیسے بن سکتے ہیں

سردار کھڑک سنگھ نے مونچھوں کو تاؤ دیتے ہوکہا اکبر بادشاہ کون سا ایم اے پاس تھا وہ میری طرح ان پڑھ تھا لیکن تاریخ کا سب سے کامیاب اور بارعب مغل بادشاہ تھا۔ ماموں کی بات سن کر مہاراجہ پٹیالہ لاجواب ہوگئے انہوں نے ناچار وائسرائے کے نام ایک چٹھی لکھ کر سفارش کی کہ ان کے ماموں کھڑک سنگھ کو سیشن جج لگا دیں۔ بھانجے سے چٹھی لکھوا کر کھڑک سنگھ سیدھا وائسرائے کے پاس جا پہنچا اور اپنے بھانجے کی چٹھی پیش کی۔ وائسرائے نے خط پڑھا اور پھر کھڑک سنگھ سے کچھ سوالات پوچھنے لگا تاکہ یہ جان سکے کہ کھڑک سنگھ جج بننے کے اہل ہے یا نہیں۔

وائسرائے نے سردار کھڑک سنگھ سے پوچھا "تمہارا نام؟

سردار کھڑک سنگھ نے ترنت اپنا نام بتا دیا

وائسرائے "تعلیم؟

سردار کھڑک سنگھ "نے اک شان بے نیازی سے کہا "کسی میٹرک حج لانا ایں یاں سکول ماسٹر؟"

یہ بات سن کر وائسرائے ہنستے ہوئے "سردار جی میرا مطلب قانون کی کوئی تعلیم بھی حاصل کی ہے یا نہیں اچھے برے کی پہچان کیسے کرو گے؟

سردار کھڑک سنگھ نے مونچھوں کو تاؤ دیا اور بولا "بس اتنی سی بات بھلا اتنے سے کام کے لیے گدھوں کی طرح کتابوں کا بوجھ اٹھانے کی کیا ضرورت ہے، میں کئی سالوں سے پنچائت کے فیصلے کرتا آرہا ہوں ایک نظر میں بھلے چنگے کی تمیز کر لیتا ہوں۔

وائسرائے نے دل میں سوچا چلو آزمانے میں کیا ہرج ہے جج کا جج شغل کا شغل۔۔ جس نے سفارش کی ہے وہ جانے اور اس کا ماموں۔ وائسرائے نے عرضی پر دستخط کر دیئے اور کھڑک سنگھ کو جسٹس لگانے کا فرمان جاری ہوگیا۔ وہ اپنے آرڈر لے کر پٹیالہ لوٹے اور اگلے دن بطور جسٹس کمرہ عدالت میں جا پہنچے۔ اتفاق سے اسی روز پہلا کیس قتل کا تھا۔ کٹہرے میں ایک طرف چار ملزم اور دوسری جانب ایک روتی ہوئی خاتون کھڑی تھی تھی۔ جسٹس کھڑک سنگھ اپنے سر پر سڑا سی پگ باندھے کرسی پر براجمان تھے کیس شروع ہونے سے پہلے اس نے چاروں جانب دیکھ کر حالات کا جائزہ لیا فریقین کو غور سے دیکھا اور پھر معاملہ سمجھ گئے۔ ایک پولیس افسر کچھ کاغذ لے کر آیا اور بولا "مائی لارڈ، یہ عورت کرانتی کور ہے اس کا الزام ہے کہ ان چار لوگوں نے اس کے شوہر کو قتل کیا ہے۔" جسٹس کھڑک سنگھ نے عورت سے تفصیل پوچھی۔ عورت بولی "سرکار دائیں جانب والے کے ہاتھ میں برچھا تھا اور برابر والے کے ہاتھ میں درانتی اور باقی دونوں کے ہاتھوں میں سوٹے تھے، یہ چاروں کماد کے کھیت (شوہر) سے نکلے اور میرے شوہر کو جان سے مار دیا۔" جسٹس کھڑک سنگھ نے چاروں کو غصہ سے دیکھا اور پوچھا "کیوں بدمعاشو، تم نے بندہ ہی مار دیا؟" "دائیں طرف کھڑے ایک ملزم نے کہا "نہ جی سرکار میرے ہاتھ میں تو کنی تھی" دوسرے نے کہا "میرے ہاتھ میں بھی درانتی نہیں تھی، ہم تو صرف بات کرنے گئے



تھے اور ہمارا مقصد لڑائی نہیں صرف اسے سمجھانا تھا۔"

"سردار کھڑک سنگھ نے غصہ سے کہا" معاملہ جو بھی ہو، بندہ تو مر گیا نا؟" "ملزمان کے چہروں پر ہوائیاں اڑنے لگیں کھڑک سنگھ اپنے سامنے پڑے کاغذات کو پکڑا ملزمان کے نام پوچھنا شروع کر دیئے اچانک ایک کالا کوٹ پہنے ایک وکیل آ کھڑا ہوا اور بولا مائی لارڈ، رکئے، یہ کیس بڑا پیچیدہ ہے جناب قتل کا مقدمہ ہے، یہ ایک زمین کا پھڈا تھا اور جس زمین پر ہوا وہ زمین بھی ملزمان کی ہے بھلا مقتول وہاں کیوں گیا تھا؟

"جسٹس کھڑک سنگھ نے پولیس افسر سے پوچھا" یہ کالے کوٹ والا کون ہے؟"

پولیس والے نے جواب دیا "جناب یہ ان چاروں کا وکیل ہے۔"

کھڑک سنگھ بولا "ایسے بتاؤ نا مطلب تو ہوا کہ ملزمان کا بندہ ہوا نا جو، ان کی طرف سے بات کر رہا ہے۔"

سردار کھڑک سنگھ نے وکیل صفائی کو بھی ان چاروں ملزمان کے ساتھ کھڑے ہونے کا حکم دیا اور پھر ایک سطری فیصلہ لکھ کر دستخط کر دیئے۔ فیصلے میں لکھا تھا (ان چاروں قاتلوں اور ان کے وکیل کو کل صبح صادق پھانسی پر لٹکا دیا جائے)۔ کھڑک سنگھ کا فیصلہ سن کر پورے پٹیالہ میں ہلچل مچ گئی، لوگ کھڑک سنگھ کے نام سے تھر تھر کانپنے لگے کہ کھڑک سنگھ مجرموں کے ساتھ ساتھ ان کے حمایتی وکیلوں کو بھی پھانسی دے دیتا ہے۔ اس فیصلے کے بعد اچانک جرائم کی شرح صفر ہوگئی، کوئی بھی وکیل کسی مجرم کا کیس نہ پکڑتا۔ جب تک کھڑک سنگھ پٹیالہ جج رہے ریاست میں خوب امن رہا۔ آس پڑوس کی ریاست سے بھی لوگ اپنے کیس کھڑک سنگھ کی عدالت میں لاتے اور فوری انصاف پاتے۔ اس واقعہ کے بعد مشہور ہوا کہ کھڑک سنگھ کے کھڑکنے سے کھڑکتی ہیں کھڑکیاں۔ آپ کو یہ جان کر حیرت ہوگی کی کھڑک سنگھ کا یہ مقولہ آج کے دور میں پوری دنیا کو دیکھنے کو مل رہا ہے۔ انڈین کسان سکھ جس طرح انڈیا میں کھڑک رہے ہیں اس

بقیہ نمبر 1

آرگنائزیشن کے ایک اعلیٰ سطح وفد نے اپنے چیئرمین راشد ہمایوں کی قیادت میں اسلام آباد چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹریز کا اہم دورہ کیا۔ اس موقع پر چیمبر کے صدر اویس احمد ستی، نائب صدر سردار ظہیر احمد اور دیگر اعلیٰ عہدیداروں نے وفد کا پرجوش استقبال کیا اور پاک امریکہ تجارتی تعلقات کو نئی بلندیوں تک پہنچانے کے عزم کا اعادہ کیا۔اجلاس میں برآمدات کے احیاء اور بین الاقوامی سطح پر پاکستانی مصنوعات کی موثر برانڈنگ پر سیر حاصل گفتگو ہوئی۔ چیمبر کے صدر اویس احمد ستی نے اپنے حالیہ بین الاقوامی دوروں کی کامیابیاں کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ یورپی اور ایشیائی منڈیوں میں پاکستانی مصنوعات کی طلب میں نمایاں اضافہ ہو رہا ہے۔خاص طور پر نومبر 2025ء کے بارسلونا دورے کا احوال بتاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستانی چمڑے کی اشیاء، چاول اور گلابی نمک (Pink Salt) کے معیار نے وہاں کے مقامی تاجروں کو اس قدر متاثر کیا کہ 30 منٹ کی طے شدہ ملاقات ڈیڑھ گھنٹے تک طویل ہو گئی، جبکہ بارسلونا چیمبر نے اسپین میں "میڈ ان پاکستان" نمائش کے انعقاد کی باقاعدہ دعوت بھی دے دی ہے۔انہوں نے زور دیا کہ آنے والے تجارتی وفود میں فارماسیوٹیکل، کیمیکل اور لیدر سیکٹرز کے نمائندوں کو لازمی شامل کیا جائے تاکہ عالمی مارکیٹ کے ہر شعبے کو حاصل کیا جا سکے۔دوسری جانب، یو ایس۔پاک ٹریڈ آرگنائزیشن کے چیئرمین راشد ہمایوں نے پاکستانی تاجروں اور برآمد کنندگان کے لیے چند اہم پیش رفتوں کا اعلان کیا۔انہوں نے بتایا کہ تنظیم نے میری لینڈ اور نیویارک میں مجموعی طور پر 40,000 مربع فٹ کے دو جدید گودام قائم کر دیے ہیں، جن کا مقصد پاکستانی مینوفیکچررز کو امریکی خریداروں اور پاکستانی نژاد تاجر برادری سے براہ راست جوڑنا ہے۔اس کے علاوہ انہوں نے تاجروں کے لیے (pkbid.com) PK Bid نامی ڈیجیٹل پورٹل کا بھی تعارف کرایا، جس پر پاکستانی تاجر بغیر کسی اضافی اخراجات کے مفت رجسٹریشن کر کے اپنی مصنوعات بین الاقوامی خریداروں کے سامنے پیش کر سکتے ہیں۔اجلاس کے اختتام پر دونوں تجارتی اداروں نے دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم کرنے اور ہر تین ماہ بعد پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے باقاعدہ رابطہ اجلاس منعقد کرنے پر مکمل اتفاق کیا۔اس موقع پر چیئرمین راشد ہمایوں نے اسلام آباد چیمبر کی قیادت کو امریکہ کے آنے والے تجارتی دورے میں شرکت کی باقاعدہ دعوت بھی دی، جسے دوطرفہ تجارت کو وسیع تر بنانے کی سمت میں ایک سنگِ میل قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 2

پروفیسر زید گل خٹک نے ایوان قائد میں نظریہ پاکستان کونسل ٹرسٹ کے زیر اہتمام یوم اقبال کی تقریب کی صدارت کرتے ہوئے کیا جسکا موضوع تھا "عظیم تر پاکستان، فکر اقبال کی روشنی میں" انہوں نے مزید کہا کہ حکیم الامت کی تمام شاعری قرآن و سنت کا نچوڑ ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اس پر عمل پیرا ہوں۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈاکٹر شعیب سڈل نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہم آجکل مختلف راہوں پر چل پڑے ہیں اللہ کرے ہماری مشکلیں جلد حل ہوں اور ہم اس راہ پر چل پڑیں جسکی اقبال نے خبر دی۔ ہمارا دین ہمیں مادر پدر آزادی نہیں سکھاتا بلکہ دینی پابندیوں پر عمل کرتے ہوئے نہ صرف انفرادی سطح پر بلکہ پورے معاشرے کو تبدیل کر سکتے ہیں۔ میرا نہیں خیال کہ ہمیں فلسفہ اقبال کے مطابق کوئی سیاسی راہنما ملے گا تاہم بحیثیت ہمیں انکے فلسفے کی روح تک پہنچنا چاہیے۔ مجھے خوشی ہے کہ آج میں اس محفل میں موجود ہوں جہاں غزہ اور فلسطین میں جاری ظلم و ستم کی مزمت کی رہی ہے۔ غزہ میں ظلم ہو رہا ہے ہمیں خاموش رہنے کے بجائے اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے۔ کونسل کے چیئرمین میاں محمد جاوید کا کہنا تھا کہ اقبال نہ صرف خود ایک روشن خیال مفکر تھے بلکہ روشنی کو پسند کرتے تھے۔ انکی شاعری میں سورج، چاند ستاروں کا بارہا ذکر ملتا ہے۔ اقبال پوری انسانیت کی بات کرتے ہیں اور انکا پیغام آفاقی ہے۔ غزہ فلسطین سے تشریف لائے ہوئے مہمان الشیخ ڈاکٹر مفتی محمود یوسف الشوبکی نے اپنے خطاب میں کہا کہ علامہ اقبال مفکر پاکستان ہی نہیں بلکہ مفکر امت ہیں۔ انہوں نے ہمیں ایک امت کا تصور دیا ہے۔ نظریہ پاکستان کونسل کا شکریہ کہ انہوں نے مجھے یہ موقع دیا۔ اقبال سچے مسلمان اور قیمتی انسان تھے انہوں نے سب سے پہلے فلسطین کا معاملہ اٹھایا تھا اور امت کو دعوت دی کہ ان کے ساتھ کھڑے ہوں۔ ہمیں صیہونی اور اسرائیلی منصوبوں سے آگاہ رہنا چاہیے انکے ہر ایجنڈے میں پاکستان شامل ہوتا ہے اور ان کی نظریں لگی ہیں کہ یہ واحد مملکت اسلامیہ ہے جو ایٹمی پاور ہے۔ اللہ پاک پاکستان کو ہر میلی آنکھ سے محفوظ رکھے۔ تقریب کے مہمان اعزاز ڈاکٹر عبدالغفور عابد نے کہا کہ اگر کسی علامہ اقبال اور انکی فکر کو سمجھنا ہے تو انکی ان تین کتابوں کو حفظ کر لے۔ ایک انگریزی کتاب اقبال اینڈ ری کنسٹرکشن آف ریلیجس تھاٹس، دوسری فارسی کی پس چہ باید کرد اور تیسری حیات اقبال۔ سوشل میڈیا پر جو خط گردش کرتا پھرتا ہے وہ اے آئی کا کرشمہ ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اقبال کو ہر سطح کے طلبہ کے نصاب کا حصہ بنایا جائے۔ دوسرے مہمان اعزاز محمد ادریس آزاد نے کہنا تھا کہ اقبال نے کہا خدا نے اس قوم کی حالت نہیں بدلی جس کو خود اپنی حالت بدلنے کا خیال نہ ہو۔ اسی طرح قرآن کی آیت بھی ہے جس کا یہ ترجمہ ہے۔ اقبال نے کہا مسلمانوں کیلئے صنعتی تعلیم بہت ضروری ہے۔ اقبال نے کہا بدبخت ہے وہ قوم جس کے پاس معدنیات ہوں اور باہر کے لوگ وہ معدنیات لے جائیں اور پھر وہ باہر سے مینوفیکچر ہو کر دوبارہ اسی قوم کے پاس آئیں۔ فکر اقبال کے چیئرمین سید ظہیر گیلانی نے اپنے مضمون میں کہا کہ اقبال کو بجا طور پر شاعر مشرق کہا جاتا ہے کیونکہ انکی شاعری نے نہ صرف برصغیر کے مسلمانوں کو نئی فکری جہت دی بلکہ پورے مشرق کو بیداری کا پیغام دیا۔ اقبال کی شاعری محض فن برائے فن نہیں بلکہ فن برائے ارفع مقاصد ہے۔ اقبال کی شاعری محض جمالیاتی اظہار نہیں بلکہ ایک علمی و فکری نظام کی تشکیل ہے۔ آئی ایل او کے سی ای او وحید روبی نے کہا کہ ہم نے اتحاد، تنظیم اور ایمان کی ری پروگرامنگ کرنی ہے۔ ہم قائد اعظم اور علامہ اقبال کے مشن کو دوبارہ پڑھیں گے تاکہ ہم اپنی ریاست کو عظیم ریاست بنا سکیں، نظریہ پاکستان کونسل ٹرسٹ کے بانی چیئرمین زاہد ملک مرحوم کا عظیم خواب تھا کہ ہم نے پاکستان کے نوجوانوں کے اذہان کی آبیاری کیسے کرنی ہے۔ تقریب کے آغاز میں احمد محمود الزماں نے نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پیش کی جبکہ حمید قیصر نے تقریب کی میزبانی کرتے ہوئے کہا کہ علامہ اقبال ایسی ہستی ہیں جنہوں نے اپنے فہم و ادراک سے نہ صرف برصغیر پاک و ہند بلکہ پوری دنیا کو متاثر کیا۔ ہم خوش نصیب ہیں کہ اقبال عالم اسلام کو اتنا ہی عزیز ہے جتنا پاکستان کو عزیز ہے

بقیہ نمبر 3

کیلئے انوائرمینٹل فورس قائم کی گئی ہے۔ سینئر صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ پنجاب میں 14 ہزار اینٹوں کے بھٹوں کو زگ زیگ ٹیکنالوجی پر منتقل کیا گیا ہے، ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے اور خلاف ورزی کرنے والے بھٹوں کے خلاف فوری کارروائی کی جاتی ہے، ماحول کے تحفظ کیلئے مختلف شعبوں کی سطح پر کام جاری ہے، گزشتہ دور میں لوگوں کی صحت کے ساتھ جو کچھ ہوا، اس پر سیاست نہیں کرنا چاہتی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ فضائی آلودگی پر قابو پانے اور عوام کو صاف ماحول فراہم کرنے کیلئے حکومتی اقدامات کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ نمبر 4

منافع خوری میں ملوث ایل پی جی پلانٹس، ڈسٹری بیوٹرز اور دکانوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں، حکومتی ذرائع تفصیلات کے مطابق خیبر پختونخوا کی صوبائی حکومت کی طرف سے تمام ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت جاری کی گئی ہیں کہ وہ اپنے اپنے اضلاع میں ایل پی جی کی قیمتوں کی باقاعدہ نگرانی یقینی بنانے اور سرکاری نرخوں سے زائد قیمت پر ایل پی جی فروخت کرنے والے پلانٹس اور دکانوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور جو بھی سرکاری ریٹ 305 روپے سے زائد کی فروخت کرتے ہوئے پکڑا جائے اس کے خلاف قانون کارروائی کی جائے جبکہ خلاف ورزی کرنے والے کاروباری مراکز کو متعلقہ قوانین کے تحت سیل کرنے اور ذمہ دار افراد کے خلاف قانونی کارروائی کرنے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں اس کے علاوہ ضرورت پڑنے پر پولیس کی معاونت حاصل کر کے قانون کے مطابق گرفتاری بھی عمل میں لائی جائے اور ایل پی جی پلانٹس کے مالکان اور دیگر ملوث عناصر کے خلاف متعلقہ قوانین کے تحت کارروائی شروع کی جائے اس سلسلہ میں تمام متعلقہ محکموں کو باہمی رابطے کے ذریعے کارروائیوں کو موثر بنائیں اور روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ مرتب کرنے کی ہدایت کی گئی ہے

بقیہ نمبر 5

نمٹنے اور زرعی پیداوار میں اضافے کے لیے جوار کی کاشت کو ایک اہم متبادل فصل کے طور پر فروغ دیا جا رہا ہے۔ اسی سلسلے میں علاقہ اڑمر میں ماہرین زراعت اور پیٹل سیڈز کمپنی کی نگرانی میں کسانوں کے لیے ایک آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس میں انہیں جوار کی اہمیت، موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات، بروقت کاشت، فصل کی دیکھ بھال اور جدید زرعی طریقوں کے حوالے سے تفصیلی رہنمائی فراہم کی گئی۔ ماہرین زراعت پیٹل سیڈز کمپنی اور زرغون کے ماہرین کے مطابق بروقت کاشت، مناسب دیکھ بھال اور جدید زرعی اصولوں پر عمل درآمد کے ذریعے جوار کی بہترین پیداوار حاصل کی جا سکتی ہے۔ جبکہ بدلتے ہوئے موسمی حالات میں ایسی فصلوں کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے جو کم وسائل میں بہتر پیداوار دینے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ جوار نہ صرف غذائیت سے بھرپور آٹے کے حصول کا ذریعہ ہے بلکہ اس سے تیل اور دیگر ضمنی مصنوعات بھی حاصل کی جا سکتی ہیں، جو کسانوں کے لیے اضافی آمدن اور معاشی خوشحالی کے نئے مواقع فراہم کر سکتی ہیں۔ جوار اور گندم کی بہترین پیداوار حاصل کرنے کیلئے پیٹل سیڈ کمپنی کی جانب سے ارمڑ بالا میں آگاہی سیشن کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جسکے مہمان خصوصی ترناب فارم پشاور کے ایگری کلچر ریسرچ آفیسر ذاکر خان تھے۔ جبکہ زرغون کی جانب سے اشتیاق عالم یاسر خان شاہ خالد اور پیٹل سیڈ کے ایریا ڈیولپمنٹ آفیسر تیمور خان نے شرکت کی۔ اور کسانوں کو پیٹل سیڈ کی اہمیت پر روشنی ڈالی

بقیہ نمبر 6

کی جن میں فلم اسٹار عارف بھیا، پیارے منصور، رخشندہ آپا، کمال ملک، اویس، امیر علی، اختر، عبداللہ بھائی، جنید یٰسین، دانش صدیقی، طلحہ بوجانی، ارما احمد اور عمر حنیف شامل تھے۔ موسیقی اور سنگنگ سے وابستہ لوگوں میں زین علی کھوکھر، مسٹر عاطف، واجد علی، رافیان، عشرت ملک، سیما شیخ اور عظمیٰ نے شرکت کی۔ تقریب کے سرپرست اعلیٰ پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما سہیل عابدی تھے، جبکہ گیسٹ آف آنر میں سید احمد شکیل، میجر ظفر بقرازاور عارف قریشی شامل رہے۔مقابلوں کے حوالے سے دعا، جنید اقبال، شمروز، ٹمن، درپن کمار، اشبعل عباس اور عتیق احمد صدیقی کے درمیان شاندار مقابلہ ہوا۔ ججز کے فیصلے کے مطابق سینئر کیٹیگری میں اشبعل عباس نے ٹائٹل اپنے نام کیا جبکہ جونیئر میں شمروز ونر رہے۔ اس کے علاوہ درپن کمار بیسٹ پرفارمر آف دی ڈے قرار پائے اور جنید اقبال رنر اپ رہے۔ پروگرام میں ننھے اسٹارز بے بی عائشہ، ہانیہ عارف نظامی اور حوریہ عارف کی موجودگی نے بھی محفل کی رونق کو دوبالا کیا۔ پروگرام کو کامیاب بنانے میں آرگنائزنگ ٹیم کا اہم کردار رہا جہاں عارف کمانڈو کے ساتھ چیف سیکیورٹی انچارج اینڈ چیف آرگنائزر ریاسمین خان، چیف مینجمنٹ انچارج صبا عارف، چیف کوآرڈینیٹر نیلم شاہ اور والنٹیئر حارث نے خدمات انجام دیں۔ ہوسٹنگ کے فرائض عارف کمانڈو نے خود نبھائے، جبکہ ان کے ساتھ کو۔ہوسٹ نبیلہ خان اور سپورٹنگ ہوسٹ ابرار طوفانی نے اپنے مخصوص انداز سے تقریب کو چار چاند لگائے۔اس کے علاوہ خاتون جنت پارک کی انتظامیہ کا بھی خصوصی تعاون حاصل رہا جس میں سوشل ورکر عمران میمن، سوشل ورکر اینڈ کیئر ٹیکر وسیم واحد، پارک انچارج راحیل اور دیگر اسٹاف نے بھرپور مدد کی۔ جیسے ہی رنگارنگ محفل کا آغاز ہوا تو ایک کے بعد ایک شاندار پرفارمنس نے حسین آباد کی عوام کا دل جیت لیا

بقیہ نمبر 7

کے مطابق میرے مویشی ملزم کے کھیتوں میں چلے گئے جس پر ملزم نے اپنے کتے سے مجھے کٹوایا، مندرہ پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا، ایس پی صدر کا کہنا تھا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 8

اسلام آباد ٹریفک پولیس کی ایجوکیشن ونگ کے زیر اہتمام National Library اسلام آباد میں وائس آف یوتھ پروگرام کے تحت روڈ سیفٹی سیمینار منعقد کیا گیا۔ سیمینار کا مقصد نوجوانوں میں ٹریفک قوانین کی اہمیت اور روڈ سیفٹی کے حوالے سے شعور و آگاہی پیدا کرنا تھا۔ سیمینار کے دوران شرکاء کو ٹریفک قوانین پر عمل درآمد، دوران سفر ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ کے لازمی استعمال اور ذمہ دارانہ ڈرائیونگ کے اصولوں سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ ٹریفک قوانین کی پابندی نہ صرف اپنی بلکہ دیگر سڑک استعمال کرنے والوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے بھی نہایت ضروری ہے۔ شرکاء کو اس بات پر زور دیتے ہوئے آگاہ کیا گیا کہ معمولی سی لاپرواہی بھی سنگین حادثات کا سبب بن سکتی ہے، لہٰذا ہر شہری کو دوران ڈرائیونگ احتیاط، ذمہ داری اور ٹریفک قوانین کی مکمل پابندی کو اپنا شعار بنانا چاہیے۔ اسلام آباد ٹریفک پولیس شہریوں، بالخصوص نوجوانوں میں ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنے کے لیے مختلف تعلیمی اداروں اور عوامی مقامات پر آگاہی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ ان اقدامات کا مقصد محفوظ ٹریفک کلچر کو فروغ دینا اور قیمتی انسانی جانوں کا تحفظ یقینی بنانا ہے

بقیہ نمبر 9

صوبائی وزیر مصطفیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ چودھریوں کی وضع دار اور رکھ رکھاؤ والی سیاست کو ان دو نالائق بچوں نے بہت نقصان پہنچایا ہے، جس شریف خاندان نے انہیں چودھری بنایا ان کو دھوکہ دینے کی ایک ان کی ایک تاریخ بن گئی ہے۔

بقیہ نمبر 10

مطالبہ کر دیا۔ پاکستان سٹیزن رائٹس موومنٹ کے چیئرمین ظہیر احمد اعوان نے اہلیان علاقہ کی شکایات پر مختلف مقامات کا دورہ کیا اور نالیوں، چھوٹے نالوں اور کھلے پلاٹوں میں جمع کوڑے کے ڈھیروں کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ بارہا شکایات کے باوجود ستھرا پنجاب اتھارٹی کی جانب سے صفائی کے موثر اقدامات نہیں کیے جا رہے۔ انہوں نے کہا کہ اندرون شہر صفائی کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہو چکی ہے۔ نالیوں اور چھوٹے نالوں میں کوڑا جمع ہونے سے نکاسی آب کا نظام متاثر ہے، جبکہ کھڑے گندے پانی سے تعفن، مچھر، مکھیاں اور ڈینگی کے خطرات بڑھ رہے ہیں۔ شہری اس گندگی کے باعث مختلف بیماریوں اور ماحولیاتی مسائل کا سامنا کر رہے ہیں۔ ظہیر احمد اعوان نے مزید کہا کہ ستھرا پنجاب کے آپریشنل افسران کی اہلیت، تقرریوں اور کارکردگی پر سنجیدہ سوالات موجود ہیں۔ متعلقہ عہدوں پر تعیناتیوں کے لیے ماحولیاتی تعلیم، متعلقہ ڈگری، ڈپلومہ اور پیشہ ورانہ قابلیت کو یقینی بنایا جائے۔ کوڑا اٹھانے کے بجائے اسے جلانے اور نالیوں، نالوں، نالیٔی اور بڑے نالوں میں پھینکنے کی شکایات کی بھی شفاف تحقیقات کروائی جائیں۔ اس موقع پر اہلیان علاقہ احمد شاہ، میاں پاشا، حاجی احمد اور عرفان بھٹی نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے مطالبہ کیا کہ یوسی 30، 31 اور 32 میں فوری ہنگامی بنیادوں پر خصوصی صفائی آپریشن شروع کیا جائے، تمام نالیوں، چھوٹے نالوں اور کھلے پلاٹوں کی صفائی کروائی جائے، روزانہ بلاتعطل کوڑا اٹھانے کا نظام یقینی بنایا جائے اور غفلت کے مرتکب افسران کے خلاف کارروائی کی جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اگر ستھرا پنجاب اتھارٹی شہریوں کو بنیادی صفائی کی سہولت فراہم کرنے میں ناکام ہے تو اس کی افادیت اور موجودہ انتظامی ڈھانچے پر نظرثانی کرتے ہوئے اسے ختم کرنے کے مطالبے پر سنجیدگی سے غور کیا جائے۔ شہریوں کا سوال ہے؟ صفائی کے نام پر اتھارٹی قائم ہے تو پھر راولپنڈی کی گلیاں، نالیاں اور محلے کچرا کنڈی کیوں بنے ہوئے ہیں

بقیہ نمبر 11

اور باغ شہیداں کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے ترقیاتی کاموں کی رفتار اور معیار کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی (پی ایچ اے) کے افسران کو واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ بیوٹیفکیشن منصوبے کے تحت جاری تمام کاموں کو اعلیٰ معیار کے ساتھ جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ملکہ کوہسار کی خوبصورتی میں اضافے اور ماحول کو دلکش بنانے کے لیے مختلف اہم مقامات اور شاہراہوں پر کثیر تعداد میں موسمی پھول اور پودے لگائے جائیں تاکہ یہاں آنے والے سیاحوں کو خوشگوار تاثر ملے۔ ڈپٹی کمشنر نے باغ شہیداں اور ملحقہ علاقوں میں صفائی ستھرائی کی مجموعی صورتحال کا معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو سختی سے ہدایت کی کہ مری کی صفائی کے نظام کو مزید منظم اور موثر بنایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سیاحوں اور مقامی شہریوں کو بہترین، صاف اور خوشگوار ماحول فراہم کرنا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، لہٰذا فرائض کی انجام دہی میں کسی قسم کی غفلت، لاپرواہی یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی

بقیہ نمبر 12

برادری، سیاسی اور سماجی حلقوں کی ممتاز و اہم شخصیات سمیت سینکڑوں معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمانانِ خصوصی میں پاکستان میو اتحاد کے چیئرمین حاجی محمد افضل خاں میو اور سینئر وائس چیئرمین شمس العارفین میو اپنے وفد کے ہمراہ شامل تھے۔ دیگر نمایاں شرکاء میں سابق رکن قومی اسمبلی طارق شبیر میو ایڈووکیٹ، اسلام آباد سے میواتی کلچرل ہریٹیج اسلام آباد کے صدر راؤ غلام محمد میو، انجمن اتحاد و ترقی میوات کے قائم مقام صدر ممتاز شفیق میو، پاکستان میو اتحاد کے پرانے کارکن و ملتان ڈویژن کے صدر ماسٹر دین محمد عارف میو، ماسٹر نصر اللہ میو، سابق سیکرٹری کنٹونمنٹ بورڈ چوہدری علی محمد میو، نائب صدر ماڈل ٹاؤن لاہور کنول آصف میو ایڈووکیٹ، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری پاکستان میو اتحاد حاجی شوکت علی میو، مرکزی نائب صدر یوتھ پاکستان میو اتحاد محمد الیاس نکا میو مہر پرخاص سندھ، انجینئر محمد نعمان عارف میو، راؤ شکیب شفاعت خاں میو، چوہدری محمد امجد خاں میو، چیئرمین میو ایمپلائز ویلفیئر فورم عصر الدین میو، محمد فاروق میو آڈٹ آفیسر، ڈاکٹر محمد مبین میو، عدنان رحیم میو، چوہدری شہاب الدین میو، اور سینئر صحافی و اینکر پرسن میو نیوز اشفاق چشتی میواتی بھی شامل تھے۔ عدلیہ اور قانون کی دنیا سے جسٹس لاہور ہائیکورٹ سید فرہاد علی شاہ، پراسیکیوٹر جنرل پنجاب چوہدری عرفان صادق تارڑ، ممبر پاکستان بار کونسل چوہدری طاہر نصر اللہ، ممبران پنجاب بار کونسل ممیرا حسین، ملک مقصود کھوکھر، ملک سہیل مرشد، شہزاد خان کاکڑ، رانا حبیب احمد، میاں محمد آصف ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل، اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل شکیل پاشا اور ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل ارشد علی فاروقی نے خصوصی شرکت کی۔ ان کے ساتھ ہی وکلاء برادری سے سابق سیکرٹری لاہور ہائیکورٹ بار بیرسٹر قادر بخش چاہل، سابق سیکرٹری لاہور ہائیکورٹ بار و صدارتی امیدوار بیرسٹر ہارون دوگل، سابق ممبر پنجاب بار کونسل رانا محمد آصف، ممبر پنجاب بار کونسل ضمیر احمد جھیڈو، سابق ممبر پنجاب بار کونسل مظہر حسین بھٹی، جنرل سیکرٹری لاہور بار فہد نثار کھوکھر، سینئر نائب صدر لاہور بار میاں طاہر منیر، نائب صدر کینٹ کورٹس زاہد محمود گل، سابق جنرل سیکرٹری لاہور بار احمد سعد خان، سابق سینئر نائب صدر میاں شرجیل احمد، سابق سیکرٹری لاہور بار عمر وقاص وڑائچ، سابق سیکرٹری لاہور بار ملک شرجیل کھوکھر، فنانس سیکرٹری لاہور بار شاہیب خان، سابق نائب صدر لاہور بار چوہدری شفاقت امین سندھو، سابق نائب صدر لاہور بار ایم ایچ شاہین، سابق صدر لاہور بار افلاطون جھکڑ، سابق نائب صدر ماڈل ٹاؤن وقاص احمد کاہلوں اور اکبر ڈھلوں سمیت سینکڑوں وکلاء نے شرکت کر کے تقریب کو رونق بخشی۔ تقریب کے دوران معزز مہمانوں نے نوبیاہتا جوڑے شہریار خاں ایڈووکیٹ اور زبیر طاہر خاں ایڈووکیٹ کو ازدواجی زندگی کے سفر کا آغاز کرنے پر دلی مبارکباد پیش کی اور ان کی خوشگوار و کامیاب زندگی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ دعوتِ ولیمہ کی یہ پُروقار تقریب خوشگوار ماحول، پرتکلف میزبانی اور معزز مہمانوں کی بھرپور شرکت کے باعث یادگار ثابت ہوئی۔ چوہدری محمد طاہر خاں میو اور ان کے اہل خانہ نے تمام مہمانوں کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا

بقیہ نمبر 13

سیکرٹری جنرل کراچی ڈویژن محترم محمد عارف ایڈووکیٹ صاحب اور جوائنٹ سیکرٹری کراچی ڈویژن شوٹنگ بال ملک ناصر اقبال شریک تھے۔ ملاقات نہایت خوشگوار اور دوستانہ ماحول میں منعقد ہوئی، جس میں شوٹنگ بال کے فروغ کے حوالے سے تفصیلی اور مثبت گفتگو کی گئی۔ سیکرٹری اولمپک ایسوسی ایشن سندھ، محترم احمد علی راجپوت صاحب نے کراچی شوٹنگ بال کے عہدیداران کو اولمپک ایسوسی ایشن سندھ کی طرف سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی۔

بقیہ نمبر 14

نوٹیفکیشن کے تحت عدنان یونس بٹ کو پنجاب سروسز ٹربیونل میں اہم ذمہ داریاں سونپ دی گئی ہیں۔ اس سے قبل انہیں ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے دفتر میں تعینات کیا گیا تھا جہاں انہوں نے تقریباً دو ماہ خدمات انجام دیں۔ پنجاب سروسز ٹربیونل سرکاری ملازمین کے محکمانہ انضباطی معاملات اور سزاؤں کے خلاف اپیلوں کی سماعت کرنے والا ایک اہم عدالتی ادارہ ہے، جہاں پنجاب بھر کے سرکاری ملازمین کو اپنے محکمانہ معاملات میں دادرسی کا موقع فراہم کیا جاتا ہے۔ خواجہ عادل اور راجہ طیب نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ عدنان یونس بٹ جیسے فرض شناس، دیانت دار اور باصلاحیت افسر کو اس اہم ادارے میں ذمہ داریاں سونپا جانا خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدنان یونس بٹ نے اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کے دوران اپنی صلاحیتوں اور محنت سے ایک مثبت پہچان بنائی ہے، امید ہے کہ وہ نئی ذمہ داریوں میں بھی میرٹ، شفافیت اور انصاف کے تقاضوں کو مقدم رکھتے ہوئے اپنی خدمات جاری رکھیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عدنان یونس بٹ کا تعلق شہیدوں اور غازیوں کی سرزمین تحصیل گوجرخان سے ہے اور ان کی پیشہ ورانہ ترقی اہل علاقہ کے لیے خوشی اور فخر کا باعث ہے۔ خواجہ عادل اور راجہ طیب نے انہیں نئی ذمہ داریوں پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے مستقبل کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

بقیہ نمبر 15

پاکستان نیشنل سائبر سیکیورٹی ٹاسک فورس سید عمار جعفری تھے قومی صدر ہمدرد فاؤنڈیشن پاکستان سعدیہ راشد نے اپنے پیغام میں کہا کہ اگرچہ جدید ڈیجیٹل دور میں انٹرنیٹ، سماجی رابطوں کی ویب سائٹس، آن لائن کھیلوں اور مصنوعی ذہانت نے بچوں کے لئے مواقع پیدا کیے ہیں مگر ان کے غیر محتاط استعمال سے بچوں کو سائبر کرائم، آن لائن استحصال، بلیک میلنگ اور نامناسب مواد جیسے سنگین خطرات بھی لاحق ہیں دیگر ممالک کی طرح پاکستان میں بھی بچوں کے آن لائن تحفظ کے لیے مؤثر قوانین پر مکمل درآمد، نگرانی اور ڈیجیٹل آگاہی کو فروغ دینے کی اشد ضرورت ہے بچوں کو صرف موبائل فون سے دور رکھنا کافی نہیں بلکہ انہیں انٹرنیٹ کے محفوظ استعمال، ذاتی معلومات کے تحفظ اور مشکوک رابطوں کی شناخت کی تربیت دینا بھی ضروری ہے بچوں کا تحفظ والدین کے ساتھ ساتھ حکومت، تعلیمی اداروں، قومی سائبر کرائم تحقیقاتی ادارے، بچوں کے تحفظ کے متعلقہ اداروں اور ٹیکنالوجی کمپنیوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے مہمان خصوصی سید عمار جعفری نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بچے کسی بھی قوم کا قیمتی سرمایہ اور روشن مستقبل ہوتے ہیں ان کی حفاظت صرف والدین کی نہیں بلکہ پورے معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے ہمیں جدید ٹیکنالوجی سے فائدہ ضرور اٹھانا چاہیے لیکن اس کے خطرات سے بھی آگاہ رہنا چاہیے ایک محفوظ بچہ ہی محفوظ معاشرے کی بنیاد ہے اسکولوں اور تعلیمی اداروں میں سائبر سیکیورٹی اور ڈیجیٹل سیفٹی کی باقاعدہ تعلیم متعارف کروائی جائے تاکہ بچوں کو کم عمری سے ہی محفوظ انٹرنیٹ استعمال کرنے کا شعور حاصل ہو ہمیں بچوں کو ٹیکنالوجی سے دور نہیں کرنا بلکہ انہیں ٹیکنالوجی کا محفوظ اور مثبت استعمال سکھانا ہے اگر ہم آج اپنے بچوں کو سائبر کرائم سے بچانے کے لیے مؤثر اقدامات کریں گے تو کل ایک تعلیم یافتہ، باشعور اور محفوظ نسل پروان چڑھے گی اسپیکر ہمدرد شوریٰ امتیاز حیدر اور اراکین شوریٰ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کو سائبر کرائم سے محفوظ رکھنا محض قانون نافذ کرنے والے اداروں کا کام نہیں بلکہ ایک اجتماعی ذمہ داری ہے ہمیں ایک ایسی نسل تیار کرنی ہے جو ڈیجیٹل دنیا میں اعتماد، شعور اور ذمہ داری کے ساتھ آگے بڑھ سکے حقیقی ترقی اسی وقت ممکن ہے جب ٹیکنالوجی کی سہولیات کے ساتھ بچوں کے تحفظ، وقار اور مستقبل کو بھی یکساں اہمیت دی جائے دیگر دانشوروں میں ڈاکٹر ممتاز فاطمہ جعفری، سلمیٰ قاصر، انجینئر مظفر اقبال، پروفیسر زاہد علی قریشی، نعیم اکرم قریشی، حکیم بشیر بھیروی، طارق شاہین، تنویر نصرت، ڈاکٹر عمر شہباز خان، ڈاکٹر نعمان احمد خان اور محمد ایوب ایڈووکیٹ شامل تھے ان دانشوروں نے بھی اس بات پر زور دیا کہ بچوں کے تحفظ کو صرف حکومتی ذمہ داری نہ سمجھا جائے بلکہ والدین، اساتذہ، میڈیا اور معاشرے کا ہر فرد اپنا کردار ادا کرے کیونکہ بچوں کا محفوظ مستقبل ہی ایک مضبوط، باشعور اور ترقی یافتہ پاکستان کی ضمانت ہے اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی ہیڈ ہمدرد فاؤنڈیشن راولپنڈی امان اللہ نیازی نے اسپیکر ہمدرد شوریٰ امتیاز حیدر کے ہمراہ مہمان مقرر سید عمار جعفری کو خصوصی شیلڈ "عافیت سے جیتے رہو" پیش کی

بقیہ نمبر 16

مطابق بلدیہ گوجرخان کی جانب سے سرکاری واجبات کی عدم ادائیگی اور عمارت سے متعلق بعض قانونی و انتظامی تقاضوں کی تکمیل نہ ہونے کے معاملے پر دی مال آف گوجرخان کو دوبارہ سیل کیا گیا ہے۔ بلدیہ ذرائع کے مطابق پلازہ انتظامیہ کو واجبات کی ادائیگی اور متعلقہ تقاضے پورے کرنے کے لیے قبل ازیں مہلت بھی دی گئی تھی، تاہم مقررہ مدت میں مطلوبہ کارروائی مکمل نہ ہونے پر دوبارہ سیل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق عمارت کے سیٹ بیک، ایمرجنسی ایگزٹ، مقررہ بلندی اور اضافی منزل کی تعمیر سے متعلق بعض امور بھی متعلقہ حکام کے زیر جائزہ ہیں، جن کے بارے میں حتمی قانونی حیثیت مجاز اداروں کی جانچ پڑتال اور ریکارڈ کی روشنی میں ہی واضح ہو سکے گی۔ بتایا جاتا ہے کہ پلازہ کے مالک اس وقت برطانیہ میں موجود ہیں اور انہیں رات گئے پلازہ سیل کیے جانے کی اطلاع دے دی گئی ہے۔ اس معاملے پر بلدیہ انتظامیہ کا موقف کارروائی کی بنیاد اور سرکاری ریکارڈ کے مطابق ہے، جبکہ شاہد صراف یا پلازہ انتظامیہ کا تفصیلی موقف تاحال سامنے نہیں آیا۔ ان کا موقف موصول ہونے پر اسے بھی مناسب جگہ دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 17

میں واضح کمی کے باوجود مانسہرہ سمیت دیگر شہروں میں بھی پبلک ٹرانسپورٹ کے کرائے کم نہ ہو سکے جس کے بعد مانسہرہ شہریوں اور علاقائی عوام کی نظریں اب ضلعی انتظامیہ پر مرکوز ہو کر رہ گئی ہیں جو پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں کمی کے اعلان کے منتظر ہیں عوامی حلقوں کے مطابق جب بھی پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے تو گاڑیوں کے کرایے بھی بڑھ جاتے ہیں مگر گزشتہ کئی روز پٹرول و ڈیزل کی قیمتوں میں مسلسل کمی کے باوجود پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں کمی نہ ہو سکی جبکہ عوام کی اکثریت گاڑی کرایا کی کیلئے ضلعی انتظامیہ کے احکامات کے منتظر ہیں،

بقیہ نمبر 18

نے شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے شہریوں کے مسائل اور شکایات تفصیل سے سنیں اور ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری احکامات جاری کیے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے کہا کہ شہریوں کے مسائل کا فوری اور میرٹ پر حل اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ شہری بلا کسی سفارش براہِ راست کھلی کچہری میں شرکت کر کے اپنے مسائل پیش کر سکتے ہیں۔ شہریوں کی سہولت اور شکایات کے بروقت ازالے کے لیے ڈی آئی جی آفس میں روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو موثر ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ نمبر 19

جس کے بعد نہ صرف گاڑی مالکان و ڈرائیورز حضرات اور مسافروں کو بھی سخت پریشانی کا سامنا کرنا پڑا بلکہ سی این جی کا اصول مشکل ہو کر رہ گیا صبح کے وقت سکولز کالجز یونیورسٹیز کے علاوہ مختلف مدارس میں زیر تعلیم طلبہ و طالبات کے علاوہ سرکاری و نجی سرکاری ملازمین خواتین و مرد حضرات کو دفاتر و دیگر شہروں میں مختلف اداروں تک پہنچانے کیلئے جانے و لے جانے والی سینکڑوں گاڑیاں نہ صرف رات بھر بلکہ صبح سویرے بھی گیس کیلئے مانسہرہ کی سڑکوں پر خوار ہوتی رہیں جبکہ بجلی بندش اور گیس پریشر کی کے باعث مختلف سی این جیز اسٹیشنز کے آگے گیس ڈلوانے کیلئے چھوٹی بڑی گاڑیوں کی بھی لائنیں لگی رہیں،

بقیہ نمبر 20

راولپنڈی آمد پر پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ بعد ازاں مسائل کے حوالے سے بریفنگ دی گئی، اس موقع پر ریلوے پنشنر ویلفیئر ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد یونس بٹ، جنرل سیکرٹری سید ظہور شاہ، سینئر نائب صدر محمد شفیع نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ریلوے پنشنرز اس وقت مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں ہمیں امید ہے کہ پنشنرز کے مسائل پر بھی توجہ دیکر پیش آنے والے مسائل کو ختم کرانے میں محترمہ سیدہ مرضیہ زہرہ اپنا کردار ادا کریں گی جس پر محترمہ زہرا نے یقین دلایا کہ جو بھی مسائل ہوں گے ان کے حل کیلئے بھرپور کوشش کریں گے۔

بقیہ نمبر 21

میں بھی حصہ لیں گے۔ دورے کے دوران وہ 2027ء میں منعقد ہونے والے ایشیائی بیس بال ٹورنامنٹس میں پاکستان کی قومی بیس بال ٹیم کی شرکت کو یقینی بنانے کے حوالے سے ایشیائی فیڈریشن کے عہدیداران سے مشاورت کریں گے۔ اس موقع پر پاکستان میں بیس بال کے فروغ، بین الاقوامی مقابلوں میں قومی ٹیم کی شرکت اور ایشیائی سطح پر کھیل کے مزید مواقع پیدا کرنے سے متعلق امور بھی زیر بحث آنے کی توقع ہے۔ پاکستان فیڈریشن بیس بال کی جانب سے اس دورے کو بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی نمائندگی اور ایشیائی بیس بال سرگرمیوں میں مؤثر شرکت کے حوالے سے اہم قرار دیا گیا ہے۔ پاکستان میں بیس بال کی بانی پاکستان میں بیس بال کی بانی مرحوم سید خاور شاہ※ شوکت جاوید※ سید فخر علی شاہ اور ان کے دیرینہ ساتھیوں کی مسلسل جدوجہد اور محنت سے پاکستان عالمی سطح پر اپنی رینکنگ میں بہت بہتری لایا تھا جب کہ گزشتہ سیشن میں مختلف وجوہات کی بنا پر پاکستان کی انٹرنیشنل سطح پر عدم شرکت سے رینکنگ میں تنزلی آئی ہے۔ خاص طور پر ان ایونٹس میں جہاں پاکستان نے پہلے ہی کوالیفائی کر لیا ہے عدم شرکت کی صورت میں انہیں دوبارہ کوالیفائنگ راؤنڈ کھیلنا پڑتا ہے جبکہ ٹورنامنٹ میں شرکت سے ملنے والے پوائنٹس عدم شرکت کی باعث پوائنٹس نہیں ملتے اور پاکستان کی رینکنگ تنزلی پر آجاتی ہے

بقیہ نمبر 22

'الدرج' میں 'موسیٰ بن نصیر' سکول کے اندر بے گھر افراد کو پناہ دینے والے ایک خیمے پر کی گئی۔ فلسطینی شہری 43 سالہ فادی حجاج اور ان کا بیٹا 13 سالہ فادی شہید ہو گئے جبکہ دیگر افراد زخمی ہوئے۔ یہ حملہ غزہ شہر کے جنوب مشرق میں واقع محلہ الزیتون میں اوقاف کی عمارت کے قریب قابض اسرائیل کے ایک ڈرون نے کیا۔ منگل کی شام غزہ شہر کے جنوب میں محلہ الصبرہ کے شارع المغربی میں لوہاری کی ایک ورکشاپ پر قابض اسرائیل کی بمباری سے تین فلسطینی شہید اور کئی زخمی ہو گئے۔ پٹی کے جنوب میں خان یونس شہر کے جنوب میں واقع علاقے بطن السمین میں قابض اسرائیلی فوج کی گولیوں سے ایک شہری شہید ہو گیا۔ اسی طرح شہر کے مغرب میں مصطفیٰ حافظ سکول کے اندر پانچ سالہ بچہ پیٹ میں گولی لگنے سے زخمی ہو گیا۔ قابض اسرائیل کی فوجی گاڑیوں نے وسطی غزہ کی پٹی میں دیر البلح شہر کے مشرق میں واقع دوا ساز کارخانے کے قریب فائرنگ کی۔ شمالی غزہ کی پٹی میں جبالیا البلد کے علاوہ کیمپ میں قابض اسرائیلی فوج کی فائرنگ سے دو شہری زخمی ہو گئے جن میں سے ایک کی حالت نازک ہے۔ خان یونس شہر کے جنوب میں ترک مذبح خانے کے قریب قابض اسرائیلی فوج کی گولیوں سے ایک شہری زخمی ہوا۔ دوسری جانب خان یونس کے علاقے مواصی میں بئر 19 کے مقام پر قابض اسرائیل کی فائرنگ سے ایک خاتون زخمی ہو گئی۔ بحری حملوں کے سلسلے میں قابض اسرائیل کی جنگی کشتیوں نے خان یونس کے سمندر میں ماہی گیروں کی متعدد کشتیوں پر شدید فائرنگ کرتے ہوئے حملہ کیا جس کے نتیجے میں ایک فلسطینی ماہی گیر زخمی ہو گیا اور دو ماہی گیر کشتیاں تباہ ہو گئیں۔ اسی کے ساتھ قابض اسرائیل کی فوجی گاڑیوں سے فائرنگ اور خان یونس کے جنوبی علاقوں پر توپ خانے سے گولہ باری بھی جاری رہی جبکہ علاقے میں دھوئیں کے گہرے بادل بلند ہوتے رہے

بقیہ نمبر 23

کی سہ ماہی قسط آج بروز جمعرات سے باقاعدہ شروع ہو رہی ہے ذرائع کے مطابق یہ قسط 6 بینکوں کے 1۔لنک سسٹم پر شروع ہوگی جبکہ بینفشری جس ڈسٹرکٹ میں چاہے اپنی پیمنٹ نکلوا سکے گی ذرائع کے مطابق بینفشری اپنی رجسٹرڈ بینظیر موبائل سم کو آن کر کے رکھیں گے تو انہیں اپنی رقم جمع ہونے کا میسج 8171 سے موصول ہوگا بی آئی ایس پی حکام نے خبردار کیا کہ اپنی رقم نکلواتے وقت اپنا موبائل ریٹیلر کے حوالے نہ کیا جائے اور اپنے میسیج کو محفوظ رکھیں تاکہ آپ کو معلوم ہو کہ آپ کے اکاؤنٹ میں کتنی رقم جمع ہوئی ہے اور کتنی نکلی ہے

بقیہ نمبر 24

کو آن لائن جرمانے، بعض کو وارننگ جاری۔ تفصیلات کے مطابق پیرا فورس اور میونسپل کمیٹی گوجرخان کی مشترکہ ٹیم نے ریلوے روڈ پر تجاوزات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے دکانوں کے باہر سرکاری جگہ پر سامان رکھنے والے متعدد دکانداروں کو آن لائن جرمانے عائد کیے جبکہ بعض کو وارننگ جاری کی گئی۔ پیرا فورس کے انچارج ابتسام زبیر نے بلدیہ کے انفورسمنٹ انسپکٹر چاند مبین کے ہمراہ آپریشن کی نگرانی کی۔ اس موقع پر دکانداروں کو ہدایت کی گئی کہ وہ سرکاری جگہ پر سامان رکھنے سے گریز کریں اور فٹ پاتھ پیدل چلنے والوں کے لیے خالی رکھیں۔ انتظامیہ کے مطابق گوجرخان میں گراں فروشی اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے کارروائیاں مسلسل جاری ہیں، خلاف ورزی کے مرتکب دکانداروں کو جرمانے اور وارننگز جاری کی جا رہی ہیں جبکہ آئندہ بھی قانون کی خلاف ورزی پر کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 25

یوم اقبال مسلمانوں کو اور خصوصاً مسلم نوجوانوں کو اپنے روشن ماضی کی یاد دلاتا ہے، اور اس بات کی طرف توجہ دلاتا ہے کہ کس طرح ہم ماضی میں سرخرو ہوں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوم اقبال ڈے کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ یوم اقبال مسلمانوں کو اور خصوصاً مسلم نوجوانوں کو اپنے روشن ماضی کی یاد دلاتا ہے، اور اس بات کی طرف توجہ دلاتا ہے کہ کس طرح ہم ماضی میں سرخرو ہوا اور اس کی وجہ اپنے مقصد پر چلنا تھا، پھر جب ہم نے مقصد چھوڑا تو زوال پذیر ہوا اور دوبارہ کیسے وہی عروج حاصل کر سکتے ہیں علامہ اقبال کا پیغام آج بھی ہماری ترقی، اتحاد اور اصلاح قوم کی بنیاد ہے علامہ اقبال کی زندگی سے ہم یہ سیکھتے ہیں کہ مشکلات اور بے یقینی کے دور میں بھی امید، مثبت رویہ اور دین سے وابستگی قوموں کی تقدیر بدلنے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال نے ہمیشہ مسلم نوجوان کو ان کا روشن ماضی یاد دلایا اور اسے اس بات کی ترغیب دی کہ دنیا میں تمہارا مقام بہت اونچا ہے اور تمہاری ذمہ داری بھی بڑی ہے کیونکہ تمہارے سامنے ایک مقصد ہے جس کی تکمیل کے لیے تمہیں جدوجہد کرنی ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے کردار کو سنواریں، جدید علم سیکھیں اور اپنی زندگیاں پیغام اقبال کے مطابق ڈھالیں۔

بقیہ نمبر 26

ملزم کو گرفتار کر لیا جبکہ دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ ایس پی صدر کے مطابق گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ خواتین اور بچوں کو ہراساں کرنے یا ان کے ساتھ زیادتی کے واقعات کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 27

نپٹنے کرنے کی، قیمت مقرر کرنے کے اختیارات اوگرا سے لے لیے گئے۔ ایل پی جی کی فروخت صرف قوانین کے تحت بننے والے ایل پی جی پمپس اور دکانوں سے ہوگی جبکہ غیر قانونی طور پر ایل پی جی فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی شروع ہوگئی، عوام خالی سلنڈر دکاندار کو دے گی اور بھرا ہوا سلنڈر لے جائے گی تاکہ عوام کو حادثات سے بچایا جائے۔ حکومت کمپنیوں کے ساتھ مل کر سستے اور معیاری سلنڈر مارکیٹ میں فروخت کرے گی۔ ایل پی جی مافیا سے عوام کی جان چھڑانے کے لیے حکومت نے اقدامات شروع کر دیے، اب اوگرا کے بجائے پی ایس او، سوئی گیس اور آئل کمپنیوں پر مشتمل نئی کمپنی ایل پی جی کی قیمت کا تعین کیا کرے گی، آئندہ ماہ کے لیے ایل پی جی کی قیمت اسی کمپنی نے مقرر کرنی ہے

بقیہ نمبر 28

، وارداتوں میں استعمال ہونے والے موٹر سائیکل اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس ٹیم نے جڑواں شہروں اسلام آباد اور راولپنڈی میں راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم "کالو" گینگ کے 5 ارکان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کے چھینے گئے موبائل فونز، نقدی، وارداتوں میں استعمال ہونے والے موٹر سائیکل اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا گیا۔ گرفتار ملزمان کی شناخت ثقلین، عبدالرحمن، قیصر، ہاشم اور محمد علی کے ناموں سے ہوئی ہے۔ ملزمان اسلام آباد اور راولپنڈی میں درج درجنوں مقدمات میں سابقہ ریکارڈ یافتہ ہیں۔ ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کے خصوصی احکامات پر وفاقی دارالحکومت میں چوری، ڈکیتی، راہزنی اور دیگر سنگین جرائم میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور جرائم کی روک تھام کے لیے کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں عمل میں لائی جا رہی ہیں۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے تمام افسران کو ہدایت کی ہے کہ شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثوں سے محروم کرنے والے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں اور ان کی گرفتاری یقینی بنائی جائے۔ اسلام آباد پولیس شہریوں سے اپیل کرتی ہے کہ جرائم کے خاتمے کے لیے پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی یا شخص کے بارے میں فوری طور پر متعلقہ تھانے یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار۔15" پر اطلاع دیں۔

بقیہ نمبر 29

شجاعت محمود، انتخابی نشان چاند، جنرل سیکرٹری ارباب کیانی، سابق منتخب جنرل سیکرٹری انجمن تاجران بہارہ کہو چوہدری کامران گجر، تاجر رہنماء ناصر عباسی، شمشیر احمد بھٹی، بہارہ کہو کے سیاسی و سماجی رہنماؤں سید طالب حسین بخاری، سید عابد حسین بخاری و دیگر شامل تھے۔ جاوید انتظار نے کہا کہ الخدمت تاجر اتحاد دوست گروپ کا بہارہ کہو کے تاجروں کے لئے انتخابی منشور، سوچ اور نظریہ مثبت اور ترقی پسند ہے۔ بہارہ کہو کے اندرونی علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر، تاجروں کے حقوق کی تحفظ تسلی بخش ہے۔ میں بہارہ کہو کے تاجروں سے الخدمت تاجر اتحاد گروپ کے انتخابی نشان چاند پر مہر لگانے کی درخواست کرتا ہوں۔ جاوید انتظار نے یقین دہانی کروائی کہ بہارہ کہو کے تاجروں کی فلاح و بہبود کے لئے میری خدمات حاضر ہیں۔ آخر میں گروپ کے عہدیداران نے جاوید انتظار اور ناصر عباسی کی حمایت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وقت ثابت کرے گا انکا حمایت کا فیصلہ درست ہے

بقیہ نمبر 30

12 زخمی ہو گئے، جوابی کارروائی میں 18 خوارج بھی مارے گئے۔ سونے کی غیر قانونی مائننگ کے خلاف کارروائی کے لیے پولیس ٹیم روانہ ہوئی تو پہاڑوں میں پہلے سے موجود دہشت گردوں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی، اہلکاروں نے جوابی فائرنگ بھی کی اور گاڑیوں کی آڑ لے کر جانیں بچائیں، دہشت گردوں نے کئی موبائل بھی جلا دیں۔ پولیس کے مطابق حملے میں ڈی ایس پی گھمبٹ حیدر زمان، اے ایس آئی مختیار، پولیس اہلکار یاسر، ڈرائیور مدثر، عدنان، شہزاد، حلیم، شمس اور ابراہیم سمیت دیگر اہلکار شہید ہوئے۔ واقعے میں ایس ایچ او گھمبٹ، کانسٹیبل عابد، وحید، محمد حسن، ذیشان اور اسد سمیت ڈی ایس پی کے دو گن مین عجیب اور فاہد بھی زخمی ہوئے۔ زخمی اہلکاروں کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا۔ امدادی ادارے 1122 کے مطابق گیارہ پولیس اہلکار شہید اور 12 زخمی ہوئے جب کہ کے پی پولیس نے کہا ہے کہ دس اہلکار شہید ہوئے اور پولیس کی جوابی کارروائی سے 18 خوارج مارے گئے۔

بقیہ نمبر 31

قدرتی گیس (ایل این جی) کی درآمد مہنگے سودوں کی زد میں آگئی، جہاں عالمی سپلائرز نے اسپاٹ خریداری کیلئے بھاری بولیاں دی ہیں۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق پاکستان ایل این جی لمیٹڈ نے دسمبر اور جنوری میں ترسیل کیلئے موصول ہونے والی تجارتی پیشکشوں کی تفصیلات جاری کر دی ہیں۔ موصولہ پیشکشوں میں ایک ایل این جی کارگو کی قیمتوں کا فرق بھی نمایاں ہے، حکام کے مطابق بین الاقوامی کمپنیوں نے فی کارگو کم از کم 24 ارب 28 کروڑ 16 لاکھ روپے جبکہ بلند ترین نرخ 27 ارب 77 کروڑ 60 لاکھ روپے مقرر کیے ہیں

بقیہ نمبر 32

شہباز شریف نے ترکیے کے شہر انطالیہ میں اقوام متحدہ کی 31 ویں موسمیاتی تبدیلی کانفرنس (کوپ 31) کے موقع پر '2035 تک گرین انرجی پر منتقلی: مستقبل کو توانائی فراہم کرنا' کے عنوان سے منعقدہ اعلیٰ سطح کے اجلاس سے خطاب میں صاف توانائی کی جانب منتقلی کے لیے پاکستان کا پرعزم لائحہ عمل پیش کیا اور موسمیاتی اہداف کے حصول کے لیے بین الاقوامی مالی معاونت میں اضافے اور سستی ٹیکنالوجی کی فراہمی پر زور دیا۔ انہوں نے حکومتی اقدامات اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے توانائی کے مجموعی نظام میں صاف توانائی کے ذرائع کا حصہ اب تقریباً 55 فیصد ہو چکا ہے اور شرکا کو بتایا کہ انطالیہ روانگی سے قبل انہوں نے پاکستان کے ساتویں جوہری بجلی گھر کے ایک اہم حصے کا افتتاح کیا جو جدید ترین منصوبہ ہے اور قومی گرڈ میں 1,200 میگاواٹ صاف بجلی شامل کرے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ حال ہی میں متعارف کرائی گئی آٹو پالیسی کے تحت 2030 تک نئی گاڑیوں میں سے 30 فیصد کو الیکٹرک گاڑیوں میں تبدیل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جس کے لیے کم ٹیرف سمیت مختلف مراعات فراہم کی جائیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ مستقبل میں حکومت کی جانب سے خریدی جانے والی تمام بسیں اور موٹر سائیکلیں الیکٹرک ہوں گی، رواں سال پاکستان میں فروخت ہونے والی ہر 10 موٹر سائیکلوں میں سے پہلی مرتبہ ایک سے زائد الیکٹرک موٹر سائیکلیں ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ گرین انرجی کی جانب منتقلی کا عمل تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے تاہم مطلوبہ اہداف کے حصول کے لیے مسلسل مالی معاونت ناگزیر ہے، پاکستان کو 2035 تک کم کاربن اخراج کے حامل بجلی پیدا کرنے کے منصوبوں کے لیے تقریباً 138 ارب ڈالر درکار ہیں جبکہ کوئلے سے بجلی پیدا کرنے والے منصوبوں کی جگہ شمسی توانائی کے استعمال کے لیے مزید 50 ارب ڈالر کی ضرورت ہے۔ ترقی پذیر ممالک کو درپیش مالی مشکلات اجاگر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ بجلی کی ترسیل کے نیٹ ورک کو وسعت دینے، توانائی ذخیرہ کرنے کے قابل اعتماد نظام کو یقینی بنانے اور جدید ٹیکنالوجی کو قابل برداشت بنانے کے لیے بھاری سرمایہ کاری درکار ہے جس کا بوجھ بھاری قرضوں میں جکڑی معیشت تنہا برداشت نہیں کر سکتیں۔ انہوں نے عالمی شراکت داروں پر زور دیا کہ وہ رعایتی شرائط پر مالی معاونت کی فراہمی یقینی بنائیں اور سستی ٹیکنالوجی کی منتقلی میں سہولت فراہم کریں، صاف توانائی کے بلند عزائم پر مبنی اہداف صرف اجتماعی کوششوں اور بروقت مالی معاونت کے ذریعے ہی حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ 2035 تک 35 فیصد کا ہدف اسی صورت حاصل ہوگا جب رعایتی سرمایہ اور سستی ٹیکنالوجی کی منتقلی کے ذریعے مالی وسائل کی فراہمی ہمارے عزائم کی رفتار کے مطابق ہوگی اور عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ ایسا ترقیاتی ماڈل اپنائے جو اقتصادی ترقی اور ماحولیاتی تحفظ کے درمیان توازن قائم رکھے۔ ان کا کہنا تھا کہ ممالک کو اپنے عوام کی توانائی ضروریات پوری کرنے اور معیشتوں کو ترقی دینے کے قابل ہونا چاہیے تاہم اس عمل میں کرہ ارض کو نقصان نہیں پہنچنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ آیئے! عہد کریں کہ ہم اپنے عوام کو غربت میں دھکیلے بغیر اپنی معیشتوں کو توانائی فراہم کریں گے اور کرہ ارض کو تاریک کیے بغیر اپنے گھروں کو روشن کریں گے اور زور دیا کہ صاف توانائی کی جانب منتقلی کے وعدے کو اجتماعی عزم اور عملی اقدامات کے ذریعے پورا کرنا ہوگا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان صاف توانائی کے اپنے ایجنڈے کو آگے بڑھانے اور پائیدار ترقی و موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کے لیے عالمی کوششوں میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ نمبر 33

مصنوعات کی نئی قیمتیں مقرر کی گئیں۔ اوگرا کے نوٹیفکیشن میں بتایا گیا کہ پیٹرول کی قیمت میں 3 روپے فی لیٹر کمی کر دی گئی ہے، جس کے بعد پیٹرول کی نئی قیمت 335 روپے فی لیٹر مقرر کی گئی ہے۔ اسی طرح ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 7 روپے فی لیٹر کمی کر دی گئی ہے اور اس کے نتیجے میں ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت 364 روپے فی لیٹر ہو گئی ہے۔

بقیہ نمبر 34

نارتھ ویسٹ۔1 کنویں سے یومیہ ایک کروڑ 28 لاکھ مکعب فٹ گیس حاصل ہوئی جب کہ یومیہ 175 بیرل کنڈنسیٹ حاصل ہوگا۔ او جی ڈی سی ایل کا کہنا ہے کہ نئی دریافت سے پاکستان کے مقامی گیس ذخائر میں اضافہ ہوگا، دریافت شدہ گیس کو جلد قومی سسٹم سے منسلک کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 35

ملک کے مختلف علاقوں میں بجلی کے شارٹ فال میں اضافہ ہو گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق لیسکو میں شارٹ فال 800 میگاواٹ تک جا پہنچا ہے جس کے باعث لاہور میں شام کے بعد 4 گھنٹے تک غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ جاری ہے۔ ادھر وزارت توانائی کی جانب سے تمام کمپنیوں کو لوڈ شیڈنگ شیڈول جاری کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 36

والے ٹیکس دہندگان کو بڑی سہولت فراہم کرتے ہوئے 25 ہزار روپے سرچارج کی ادائیگی کے بغیر فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (ATL) میں شامل ہونے کی اجازت دے دی ہے۔ ایف بی آر نے اس حوالے سے باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کرتے ہوئے ایس آر او 2097 کے ذریعے انکم ٹیکس قواعد 2022 میں ترمیم کر دی ہے۔ ایف بی آر کے نئے فیصلے کے تحت مقررہ تاریخ گزرنے کے بعد ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والے افراد بھی بغیر سرچارج ادا کیے فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست میں شامل ہو سکیں گے، تاہم اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے انہیں مخصوص شرائط پوری کرنا ہوں گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سرچارج سے چھوٹ حاصل کرنے کے خواہش مند ٹیکس دہندگان کو تحریری یقین دہانی کرانا ہوگی کہ وہ آئندہ چھ ماہ کے دوران کوئی جائیداد خریدیں گے اور نہ ہی اس کی ملکیت حاصل کریں گے۔ اس مقصد کے لیے متعلقہ ٹیکس دہندگان کو ایف بی آر کے آن لائن نظام پر مخصوص فارم جمع کرانا ہوگا۔ ایف بی آر کے مطابق چھ ماہ کی پابندی کا آغاز اس تاریخ سے ہوگا جس دن ٹیکس دہندہ کی جانب سے جمع کرائے گئے فارم کی الیکٹرانک تصدیق مکمل ہوگی۔ اس دوران متعلقہ شخص کسی بھی قسم کی جائیداد کی خریداری یا ملکیت حاصل کرنے کا اہل نہیں ہوگا۔ ایف بی آر نے واضح کیا ہے کہ اس پابندی پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے سرکاری اداروں، جائیداد کے ریکارڈ اور مالیاتی اداروں سے معلومات حاصل کی جا سکیں گی۔ اس طریقہ کار کے ذریعے ان ٹیکس دہندگان کی نگرانی کی جائے گی جنہوں نے سرچارج سے چھوٹ حاصل کرنے کے لیے جائیداد نہ خریدنے کی یقین دہانی جمع کرائی ہوگی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اگر چھ ماہ کی مدت کے دوران کسی ٹیکس دہندہ کی جانب سے جائیداد خریدنے کی خلاف ورزی سامنے آتی ہے تو اسے اپنا موقف پیش کرنے اور وضاحت دینے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ تاہم خلاف ورزی ثابت ہونے کی صورت میں 25 ہزار روپے سرچارج کی چھوٹ خلاف ورزی کی تاریخ سے واپس لے لی جائے گی۔ ایف بی آر کے مطابق ایسی صورت میں متعلقہ شخص کی فعال ٹیکس دہندہ حیثیت موجودہ قواعد و ضوابط کے تحت طے کی جائے گی۔ واضح رہے کہ ایف بی آر نے اس سہولت سے متعلق ابتدائی مسودہ 6 اکتوبر 2026 کو جاری کیا تھا، جس کے بعد اب ایس آر او 2097 کے ذریعے انکم ٹیکس قواعد 2022 میں باضابطہ ترمیم کرتے ہوئے نئے طریقہ کار کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 37

ہاؤس پشاور میں صحافیوں سے گفتگو میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان خود تو حلوہ کھاتے ہیں لیکن دوسروں کو کھانے سے روکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان اور آصف زرداری کی دوستی ہے، اس کا یہ مطلب کیسے ہوا کہ زرداری صاحب کرپشن کے معاملے میں مولانا کو بچائیں گے؟ ان کا کہنا تھا کہ این ایچ اے میں مولانا کے بیٹے پر کرپشن کے الزام کا بھی حساب ہونا چاہیے، پی ڈی ایم دور میں سب سے زیادہ فائدہ جے یو آئی کو ہوا۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پی ڈی ایم دور میں جے یو آئی کو اس کی پسند کی وزارتیں ملیں، جن میں مذہبی امور، ہاؤسنگ اور مواصلات کی وزارتیں شامل تھیں۔ انہوں نے کہا کہ میرے خیال میں کوئی بڑی وزارت باقی نہیں رہی، جو جے یو آئی کو نہ ملی ہو، کرپشن کے الزامات ثابت ہوئے تو سزا بھگتنا پڑے گی

بقیہ نمبر 38

سے چیف جسٹس یحییٰ آفریدی، جسٹس جمال خان مندوخیل، اٹارنی جنرل ملک منصور عثمان اعوان، وائس چیئرمین پاکستان بار کونسل پیر محمد مسعود چشتی، صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن سید امجد علی شاہ نے خطاب کیا۔ تقریب 70 منٹ جاری رہی جس میں چیف جسٹس نے 10 منٹ اور جسٹس مندوخیل نے 30 منٹ خطاب کیا۔ جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ خان آفریدی نے اپنے خطاب میں جسٹس جمال خان مندوخیل کی شاندار عدالتی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ نمبر 39

نے فوری اور بھرپور جوابی کارروائی کرتے ہوئے حملے کو ناکام بنا دیا۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس جوانوں اور حملہ آوروں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ رات گئے شروع ہو کر صبح تک جاری رہا۔ ڈی پی او کے مطابق دہشت گردوں کی جانب سے کیے جانے والے بھاری ہتھیاروں کے استعمال کے باعث چیک پوسٹ کی عمارت کو جزوی نقصان پہنچا ہے، تاہم پولیس کی جانب سے مؤثر مقابلے اور سخت مزاحمت کے بعد تمام حملہ آور پسپا ہو کر فرار ہونے پر مجبور ہو گئے۔ فرار ہونے والے دہشت گردوں کا تعاقب کیا جا رہا ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ علاقے کو محاصرے میں لے کر بڑے پیمانے پر سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے تاکہ حملے میں ملوث عناصر کی گرفتاری کو یقینی بنایا جا سکے۔ حکام کے مطابق سرچ آپریشن کے دوران بم ڈسپوزل یونٹ نے آئی ای ڈی برآمد کر لی

بقیہ نمبر 40

تحریک انصاف سے تعلق رکھنے والی فاطمہ حیدر کو منصوبہ بندی کا ماسٹر قرار دیا گیا ہے، پولیس ذرائع کے مطابق ملزمہ کو کینٹر روڈ لاہور کے قریب سے گرفتار کیا گیا۔ پولیس کے مطابق پی ٹی آئی کی خاتون رہنما کی مشتعل جتھے تیار کرنے کی مبینہ آڈیو بھی سامنے آئی تھی، ان کے خلاف تھانہ ڈیفنس اے لاہور میں بغاوت کی دفعات کے تحت مقدمہ درج ہے۔

بقیہ نمبر 41

2 ارب ڈالر کا نقصان ہوتا ہے، 2022 کے سیلاب سے پاکستان کو 14.9 ارب ڈالر کا براہ راست نقصان ہوا، سیلاب سے ملکی معیشت کو 15.2 ارب ڈالر کا نقصان پہنچا، سیلاب نے 91 لاکھ افراد کو غربت میں دھکیل دیا۔ پروگرام کے تحت سیلاب اور زلزلوں کے بعد پاکستان کو فوری مالی مدد مل سکے گی، آفات سے پہلے تیاری انسانی جانوں اور روزگار کے تحفظ میں مددگار ہے

بقیہ نمبر 42

سندھ سردار محمد بخش خان مہر نے بتایا کہ اس سلسلے میں تقریب منعقد کی جائے گی، جس میں وزیر اعلیٰ سندھ، صوبائی وزراء، اراکین سندھ اسمبلی اور پارٹی رہنما شرکت کریں گے۔ وزیر زراعت سندھ سردار محمد بخش خان مہر کی زیر صدارت آبادگاروں کی رجسٹریشن اور سبسڈی کی فراہمی کی افتتاحی تقریب کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس میں سیکریٹری زراعت محمد زمان ناریجو نے آبادگاروں کی رجسٹریشن اور تقریب کی تیاریوں سے متعلق بریفنگ دی۔ سردار محمد بخش خان مہر کے مطابق رواں ربیع سیزن میں بینظیر ہاری کارڈ کے ذریعے ساڑھے 5 لاکھ آبادگار مستفید ہوں گے، سندھ ویٹ گروورز سپورٹ پروگرام کے تحت آبادگاروں کے لیے مجموعی طور پر 17 ارب روپے کی سبسڈی مختص کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 43

مختلف علاقوں میں فضائی آلودگی کی شرح 500 سے بھی تجاوز کر گئی۔

بقیہ نمبر 44

صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے روبیو نے کہا کہ ایران کو اپنے جوہری پروگرام اور دہشت گردی کی مبینہ مالی معاونت کے لیے وسائل درکار ہیں، ایران کے مالی وسائل جتنے محدود ہوں گے، وہ اپنی ان سرگرمیوں پر اتنی ہی کم رقم خرچ کر سکے گا

بقیہ نمبر 45

چودھری شجاعت کے بھتیجے ہیں، چودھری مونس الٰہی پی پی 32 سے ایم پی اے اور ایم این اے چودھری حسین الٰہی کے بھائی بھی ہیں۔ چودھری مونس الٰہی نے کہا کہ سکیورٹی واپس لیں یا جو چاہے کر لیں، نئے صوبے ہر صورت بن کر رہیں گے، نئے صوبوں کے قیام کے مطالبے سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ اس سے قبل وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز چودھری سالک حسین سمیت دیگر وفاقی وزراء سے پنجاب پولیس کی جانب سے ایلیٹ فورس کا مستقل پروٹوکول واپس لے لیا گیا۔

بقیہ نمبر 46

تیار کر لیا ہے۔ حکومت نے بجلی کی تقسیم کے نظام کو جدید بنانے کے لیے ملک بھر کی تمام ڈسکوز کے ٹرانسفارمرز پر اسمارٹ میٹرز نصب کرنے کا منصوبہ تیار کر لیا ہے۔ اس بڑے منصوبے کے لیے عالمی مالیاتی اداروں سے اربوں ڈالر کے قرضے حاصل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 47

پرانے یا زائد کرائے وصول کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی۔ تمام بس اڈوں پر نئے کرائے ناموں کا اطلاق فوری طور پر نافذ العمل ہوگا، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا ریلیف عوام تک پہنچایا جا رہا ہے

بقیہ نمبر 48

اعلیٰ حکام نے تصدیق کی کہ وفاقی حکومت نے رواں مالی سال کے ابتدائی 2 ماہ کے دوران صوبوں سے 34 ارب 839 کروڑ روپے بطور گرانٹ وصول کیے ہیں جنہیں نان ٹیکس ریونیو (این ٹی آر) کے طور پر ظاہر کیا گیا ہے۔ بجٹ 2026-27 پیش کیے جانے سے قبل وفاق اور چاروں صوبوں کے درمیان اتفاق ہوا تھا کہ صوبے آئی ایم ایف کے 7 ارب ڈالر کے پروگرام کے تحت مالی سال 2026-27 میں وفاقی حکومت کی مالی ذمہ داریاں پوری کرنے میں مدد کے لیے اپنے این ایف سی حصے سے 1035 ارب روپے گرانٹ فراہم کریں گے۔

بقیہ نمبر 49

عائد الزامات عائد کیے گئے تھے۔ الزامات میں موقف اختیار کیا گیا کہ اسکول پر مسلسل 3 ٹاماہاک میزائل مارے گئے جس میں 120 بچے، 26 اساتذہ، 7 والدین، بس ڈرائیور اور اسکول کی 6 ماہ کی حاملہ خاتون ٹیچر کی موت کا الزام بھی شامل ہے۔

بقیہ نمبر 50

کی تحقیقات اور ملزم سے حاصل ہونے والی معلومات کی جانچ کرنا ہے۔ عدالت کی جانب سے جسمانی ریمانڈ میں چار روز کی توسیع کے بعد تفتیشی ٹیم کو مزید تفتیش اور شواہد اکٹھے کرنے کا موقع مل گیا ہے۔ کیس کی مزید تفتیش جاری ہے اور آئندہ پیش رفت سامنے آنے پر مزید تفصیلات متوقع ہیں۔ نوٹ: مقام، عدالت اور تفتیشی حکام کے بیان کی تفصیلات فراہم نہیں کی گئیں، اس لیے خبر میں غیر مصدقہ تفصیلات شامل نہیں کی گئیں

بقیہ نمبر 51

توجہ دی گئی ہے۔ قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف وارننگ سے لے کر بھاری جرمانوں تک مرحلہ وار کارروائی کی جا سکے گی۔ اجلاس میں ڈائریکٹ حج پروگرام کی خدمات 133 ممالک تک توسیع دینے کا بھی اعلان کیا گیا، اس اقدام کا مقصد دنیا بھر سے آنے والے عازمین حج کے لیے سفری اور دیگر سہولتوں کو مزید آسان اور بہتر بنانا ہے۔

بقیہ نمبر 52

قائم مقام سیکرٹری جنرل نذیر احمد جنجوعہ، ڈپٹی سیکرٹریز وقاص انجم جعفری، امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری اور امیر لاہور ضیا الدین انصاری بھی اس موقع پر موجود تھے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ پٹرولیم لیوی پر حکومتی اور جماعت اسلامی کی مشترکہ ٹیکنیکل ٹیم نے معاہدہ تیار کر لیا ہے، حکومت معاہدہ کا حتمی جائزہ لے گی جس کے بعد عوام کو ریلیف کا اعلان کیا جائے گا، حکومت نے جماعت اسلامی کے احتجاج کے نتیجہ میں پٹرول کی قیمتوں میں جاری بے تحاشا اضافہ کو روکا ہے، اسی طرح موٹر سائیکل اور ہزار سی سی سے کم گاڑیوں کے مالکان کو ریلیف بھی دیا گیا، یہ ہمارے احتجاج کا نتیجہ ہے کہ عوام میں لیوی کے خلاف بڑی بیداری پیدا ہوئی ہے، حکومت کو کہا ہے کہ ریلیف کے موجودہ دائرہ کار کو وسعت دے کر اس میں تیرہ سو سی سی گاڑیاں، زرعی مشینری میں ڈیزل کے استعمال اور عوامی ٹرانسپورٹ کو بھی شامل کیا جائے، لیوی کے خاتمہ کے مطالبہ سے دستبردار نہیں ہوئے، حکومت بجٹ تک مہلت طلب کر رہی ہے، حتمی معاہدہ کے بعد آئندہ کی صورتحال سے متعلق فیصلہ کریں گے، احتجاج کے دائرہ کار کو مزید بڑھا دیا ہے، اس میں مہنگی گیس، ایل پی جی، بلدیاتی انتخابات نہ کرائے جانے اور زراعت اور کسانوں کے مسائل کو بھی شامل کر رہے ہیں، جماعت اسلامی کے علاوہ کوئی بھی سیاسی پارٹی عوامی مسائل پر بات نہیں کر رہی،

بقیہ نمبر 53

جاری بیان میں چیئرمین ایف بی آر کا کہنا تھا کہ پاکستان میں گزشتہ 14 برسوں کے دوران شہری رقبے میں تقریباً 25 فیصد اضافہ ہوا، 2012 سے 2026 کے دوران پاکستان کی شہری آبادی میں تقریباً 60 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ فیصل آباد، ملتان اور سیالکوٹ کے شہری پھیلاؤ میں دوگنا اضافہ ہوا

بقیہ نمبر 54

26 نومبر تک توسیع کر دی ہے۔ راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت میں بشریٰ بی بی کے خلاف درج مختلف مقدمات میں عبوری ضمانتوں کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے تمام 29 مقدمات میں عبوری ضمانتوں کی مدت میں توسیع کرتے ہوئے آئندہ سماعت کے لیے 26 نومبر کی تاریخ مقرر کر دی۔ عدالتی فیصلے کے بعد بشریٰ بی بی کو ان مقدمات میں حاصل عبوری ضمانتیں 26 نومبر تک برقرار رہیں گی۔

بقیہ نمبر 55

قابل نہیں۔ عباس عراقچی نے کہا کہ ایران فرانس کے برعکس غزہ میں قتل عام کی حمایت یا اسکولوں اور اسپتالوں پر بمباری کے ذریعے طاقت کا مظاہرہ نہیں کرتا۔ عباس عراقچی نے کہا کہ فرانسیسی حکومت عوامی مسائل حل کرنے کی اہلیت نہیں رکھتی اور وہ اپنی ناکامیوں کا ملبہ دوسروں پر ڈال رہی ہے۔

بقیہ نمبر 56

متعلق غلط اندازے نہ لگائے جائیں، کسی بھی فوجی کارروائی یا غلطی کی صورت میں ایران فوری اور بھرپور جواب دے گا۔

اقبال کی تمام شاعری قرآن وسنت کا نچوڑ ہے: پروفیسر زید گل خٹک

فلسطین میں ظلم وستم جاری ہے ہمیں خاموش نہیں رہنا چاہیئے: ڈاکٹر شعیب سڈل

اللہ تعالیٰ ایٹمی طاقت پاکستان کو نظر بند سے محفوظ رکھے: مفتی محمود یوسف ودیگر کا خطاب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) حیرت انگیز ہے کہ آج سوشل میڈیا پر جس نے اقبال کی ایک نظم بھی توجہ سے نہیں پڑھی وہ اپنا فلسفہ بھگارتے نظر آتے ہیں کہ علامہ اقبال نے پاکستان کا تصور پیش نہیں کیا تھا۔ بلاشبہ وہ اقبال ہی تھے جنہوں نے جنوبی ایشیا میں مسلمانوں کی خودمختاری الگ پہچان اور ان کیلئے آزاد وطن کا تصور پیش کیا۔ اقبال ایسا یونٹ بنانا چاہتے تھے جہاں احیائے اقدار اسوہ حسنہ رونما ہو سکیں اور عالم اسلام اپنی زندگی کے مقاصد کو پہچان سکیں ان خیالات کا اظہار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



نظریہ پاکستان کونسل ٹرسٹ کے زیر اہتمام یوم اقبال کی تقریب کے بعد شرکاء کا گروپ فوٹو

پاک امریکہ تجارتی روابط کے ایک نئے دور کا آغاز

یو ایس۔پاک ٹریڈ آرگنائزیشن کا اسلام آباد چیمبر کا اہم دورہ، شاندار استقبال کیا

اسلام آباد (پ ر) پاکستان کی برآمدات کے فروغ اور چھوٹے ودرمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SMEs) کو عالمی منڈیوں سے جوڑنے کے لیے ایک اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں یو ایس۔پاک ٹریڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)



یو ایس۔پاک ٹریڈ آرگنائزیشن کے ایک اعلیٰ سطحی وفد کا اسلام آباد چیمبر دورہ پر شیلڈ پیش کی جارہی ہے

سموگ صورتحال بہتر، مکمل قابو پانے کیلئے فورس موجود ہے: مریم اورنگزیب

ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی پر زیرو ٹالرنس پالیسی، خلاف ورزی کرنے والے بھٹوں کے خلاف کارروائی کی جاتی ہے

فضائی آلودگی پر قابو پانے اور عوام کو صاف ماحول فراہم کرنے کیلئے حکومتی اقدامات کا سلسلہ جاری رہے گا، صوبائی وزیر

لاہور (نمائندہ خصوصی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ لاہور میں سموگ کی صورتحال میں 23 سے 64 فیصد تک بہتری آئی ہے۔ سموگ کے تدارک کیلئے حکومتی اقدامات سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے مریم اورنگزیب کا کہنا تھا کہ فضائی آلودگی اور سموگ انتہائی حساس معاملہ ہے، جس کا براہ راست تعلق عوامی صحت سے ہے، سموگ کی شدت میں اضافے کے مختلف عوامل کارفرما ہوتے ہیں، جن پر قابو پانے کیلئے پنجاب حکومت نے متعدد اقدامات کئے ہیں، ماضی میں ہمارے پاس ایئر کوالٹی مانیٹر بھی موجود نہیں تھا، تاہم اب سموگ پر قابو پانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

عدنان یونس بٹ کی پنجاب سروسز ٹربیونل میں تعیناتی

اہم ادارے میں ذمہ داریاں سونپا جانا خوش آئند ہے، خواجہ عادل، راجہ طیب



گوجرخان (بیورو رپورٹ) عدنان یونس بٹ کی پنجاب سروسز ٹربیونل میں تعیناتی، گوجرخان کے لیے اعزاز، خواجہ عادل اور راجہ طیب نے حکومت پنجاب کے فیصلے کو سراہتے ہوئے عدنان یونس بٹ کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق حکومت پنجاب کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

غزہ: اسرائیلی فوج کی بمباری، بچے سمیت 7 فلسطینی شہید، متعدد زخمی

بمباری غزہ شہر کے مشرق میں واقع محلہ 'الدرج' میں 'موسیٰ بن نصیر' سکول میں بے گھر افراد کو پناہ دینے والے خیمے پر کی گئی

خان یونس کے جنوبی علاقوں پر توپ خانے سے گولہ باری بھی جاری رہی جبکہ علاقے میں دھوئیں کے گہرے بادل بلند ہوتے رہے

غزہ (صباح نیوز) قابض اسرائیلی فوج کی بمباری اور فائرنگ کے نتیجے میں غزہ کی پٹی کے مختلف علاقوں میں ایک بچے سمیت سات فلسطینی شہید اور متعدد زخمی ہو گئے۔ اسی دوران دو ماہی گیر کشتیاں تباہ کی گئیں جبکہ توپ خانے سے گولہ باری اور گھروں کو دھماکوں سے اڑانے کی کارروائیاں بھی جاری رہیں۔ یہ سب جنگ بندی کے معاہدے کی قابض اسرائیل کی مسلسل خلاف ورزیوں کے تسلسل میں ہو رہا ہے۔ مقامی فلسطینی ذرائع نے بتایا کہ 44 سالہ علاء خضر غبین قابض اسرائیل کی بمباری کے نتیجے میں شہید ہو گئے۔ یہ بمباری غزہ شہر کے مشرق میں واقع محلہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

بچوں کے تحفظ کیلئے ڈیجیٹل آگاہی کو فروغ دینے کی اشد ضرورت، سعدیہ ارشد

معصوم بچے اور سائبر کرائم کا بڑھتا ہوا خطرہ" کے موضوع پر ہمدرد شوریٰ کا اجلاس

ہمیں جدید ٹیکنالوجی کے خطرات سے بھی آگاہ رہنا چاہیے، عمار جعفری کا خطاب



راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) ہمدرد فاؤنڈیشن پاکستان کے زیر اہتمام ہمدرد مرکز راولپنڈی میں ہمدرد شوریٰ کا اجلاس "معصوم بچے اور سائبر کرائم کا بڑھتا ہوا خطرہ" کے موضوع پر منعقد ہوا اجلاس کے مہمان خصوصی سابق ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل FIA اور چیئرمین آف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

مانسہرہ، گراں فروشوں کی سختی ضلعی انتظامیہ کو ہدایات جاری

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) گراں فروشوں کی بدبختی شروع، خیبر پختونخوا کا عوام کو مقررہ سرکاری نرخوں پر ایل پی جی اور دیگر اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے تمام ضلعی انتظامیہ کو ہدایات جاری، گراں فروشی اور ناجائز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

جہانگیرہ، کسانوں کے لیے آگاہی پروگرام کا انعقاد

مہمان خصوصی ترناب فارم پشاور کے ایگری کلچر ریسرچ آفیسر ذاکر خان تھے

جہانگیرہ (تحصیل رپورٹر) کسانوں کو جدید زرعی طریقوں سے آگاہی فراہم کرنے موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

ذاتی رنجش پر شہری پر اپنا پالتو کتا چھوڑنے والا ملزم گرفتار

گوجرخان (بیورو رپورٹ) مندرہ پولیس کی فوری کارروائی، ذاتی رنجش پر شہری پر اپنا پالتو کتا چھوڑنے والا ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق مندرہ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ذاتی رنجش پر شہری پر اپنا پالتو کتا چھوڑنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا، مدعی مقدمہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

سر کے سلطان فائنل: فنکاروں اور گلوکاروں نے سماں باندھ دیا

صوفیانہ کلام، کمانڈو قوالی، بچوں کا خصوصی سیگمنٹ سمیتا یوارڈز کی تقسیم کی گئی



کراچی (پ ر) حسین آباد میں واقع خاتونِ جنت پارک میں معروف پروگرام "سر کے سلطان" کا شاندار فائنل منعقد ہوا۔ اس رنگا رنگ تقریب کے روحِ رواں پروگرام کے آرگنائزر عارف کمانڈو تھے۔ تقریب میں صوفیانہ کلام، کمانڈو قوالی، بچوں کا خصوصی سیگمنٹ، کامیڈی شو، سرٹیفکیٹ ڈسٹریبیوشن اور ایوارڈز کی تقسیم کا باقاعدہ اہتمام کیا گیا۔ پروگرام میں منصفین کے فرائض معروف سینئر سنگر ساجد علی خان، سینئر سنگر علی شہزاد خان دہلی والے اور عرفان ایم کے نے انجام دیے۔ قوالی کے سیگمنٹ میں سانول لجی برادرز نے اپنی روح پرور پرفارمنس سے پوری محفل لوٹ لی اور حاضرین سے زبردست داد سمیٹی۔ تقریب میں فلم، ٹی وی اور اسٹیج کے نامور فنکاروں نے شرکت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

ITP کے زیر اہتمام نیشنل لیبر یری میں روڈ سیفٹی سیمینار

نوجوانوں کو ہیلمٹ، سیٹ بیلٹ استعمال اور ذمہ دارانہ ڈرائیونگ کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد ٹریفک پولیس کے زیر اہتمام National Library میں روڈ سیفٹی سیمینار۔ وائس آف یوتھ پروگرام کے تحت نوجوانوں میں ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا، سیمینار میں نوجوانوں کو ہیلمٹ، سیٹ بیلٹ کے استعمال اور ذمہ دارانہ ڈرائیونگ کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)



اسلام آباد ٹریفک پولیس کے زیر اہتمام National Library میں روڈ سیفٹی سیمینار سے مقررین خطاب کر رہے ہیں

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی سہ ماہی قسط آج سے شروع ہوگی

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) بینظیر یز بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی سہ ماہی قسط اج سے باقاعدہ شروع، قسط 6 بینکوں کے 1-لنک سسٹم پر شروع ہوگی، بینظیر ی جس ڈسٹرکٹ میں چاہے اپنی پیمنٹ نکلوا سکتی ہے، تفصیلات کے مطابق بینظیر یز بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد فوڈ اتھارٹی کی کارروائی، مردہ گوشت کی سپلائی کی کوشش ناکام

تھانہ ترنول میں ملزم کے خلاف ایف آئی آر درج کروادی گئی



اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) مردہ گوشت کی سپلائی کی کوشش ناکام، اسلام آباد فوڈ اتھارٹی کی کارروائی، ملزم کے خلاف مقدمہ درج!!! اسلام آباد میں شہریوں کو محفوظ اور صحت بخش خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے اسلام آباد فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں جاری ہیں۔ اسلام آباد فوڈ اتھارٹی کی ٹیم نے تھانہ ترنول کی حدود میں کارروائی کرتے ہوئے مردہ گوشت کی سپلائی میں ملوث ایک شخص کو پکڑ لیا۔ کارروائی کے دوران ملزم کو مردہ گوشت سپلائی کرتے ہوئے پکڑا گیا، جس پر متعلقہ قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے تھانہ ترنول میں ملزم کے خلاف ایف آئی آر درج کروادی گئی۔

پیرافورس کا گوجرخان میں گرانفروشی اور تجاوزات کیخلاف آپریشن مسلسل جاری

گوجرخان (بیورو رپورٹ) پیرافورس کا گوجرخان میں گراں فروشی اور تجاوزات کے خلاف آپریشن مسلسل جاری، ریلوے روڈ پر کارروائی کے دوران متعدد دکانداروں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

17 سالہ لڑکے کیساتھ مبینہ نازیبا حرکات کرنیوالے ملزم گرفتار

گوجرخان (بیورو رپورٹ) پولیس سرکل گوجرخان کے تھانہ مندرہ پولیس کی کارروائی، 17 سالہ لڑکے کے ساتھ مبینہ نازیبا حرکات کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق مدعی مقدمہ نے پولیس کو درخواست دی کہ ملزم نے اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ اس کے بیٹے کے ساتھ نازیبا حرکات کیں، جس پر مندرہ پولیس نے مقدمہ درج کر کے ایک نامزد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

اقبالؒ نے ہمیشہ مسلم نوجوان کو ان کا روشن ماضی یاد دلایا، محمد ایوب

ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے کردار اور اپنی زندگیاں پیغام اقبال کے مطابق ڈھالیں

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ممتاز ماہر تعلیم محمد ایوب دولو نے علامہ اقبال کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ علامہ اقبال نے ہمیشہ مسلم نوجوان کو ان کا روشن ماضی یاد دلایا اور اسے اس بات کی ترغیب دی کہ دنیا میں تمہارا مقام بہت اونچا ہے اور تمہاری ذمہ داری بھی بڑی ہے کیونکہ تمہارے سامنے ایک مقصد ہے جس کی تکمیل کے لیے تمہیں جدوجہد کرنی ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے کردار کو سنواریں، جدید علم سیکھیں اور اپنی زندگیاں پیغام اقبال کے مطابق ڈھالیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)



پیرافورس کا گوجرخان میں گرانفروشی اور تجاوزات کیخلاف آپریشن کے بعد گروپ فوٹو

ٹرانسپورٹ کرایوں میں کمی نہ ہوسکی، عوام کی نظریں ضلعی انتظامیہ پر لگ گئیں

کرایوں میں کمی کو یقینی بنانے کیلئے کیا ضلعی انتظامیہ سے فوری اقدامات اٹھانے کا مطالبہ

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں گزشتہ چند روز سے واضح کمی کے بعد بھی ٹرانسپورٹ کرایوں میں کمی نہ ہوسکی، عوام کی نظریں ضلعی انتظامیہ پر مرکوز، پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں کمی کو یقینی بنانے کے لیے کیا ضلعی انتظامیہ سے فوری اقدامات اٹھانے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق گزشتہ چند روز سے پٹرول و ڈیزل کی قیمتوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے کے احکامات جاری



اسلام آباد (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کی کھلی کچہری۔ شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے کے احکامات جاری۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد علی وسیم نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس میں شہریوں کی بڑی تعداد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

گوجرخان کا ایک بڑا زیر تعمیر پلازہ دوبارہ سیل کر دیا گیا

شاہد صراف یا پلازہ انتظامیہ کا تفصیلی مؤقف تاحال سامنے نہ آسکا



گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان کا ایک بڑا زیر تعمیر پلازہ دوبارہ سیل کر دیا گیا، اسسٹنٹ کمشنر و ایڈمنسٹریٹر بلدیہ ڈاکٹر سیدہ زینب حسین اور چیف آفیسر بلدیہ غلام قمر وڑائچ کی نگرانی میں کارروائی، پلازہ مالک کو کارروائی سے آگاہ کر دیا گیا۔ تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

گوجرخان میں ایک کھوکھر کی گرفتاری کیلئے چھاپہ، ملزم فرار

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان میں ایک کھوکھر کی گرفتاری کیلئے چھاپہ، ملزم فرار، ملزم کے گھر سے 30 کلو چرس برآمد، ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ سٹی گوجرخان انسپکٹر محمد اکرم کی مدعیت میں ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا، ملزم کی گرفتاری کیلئے چھاپہ مارا گیا، ملزم فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا، ملزم کے گھر سے 30 کلو چرس برآمد کر لی گئی۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔

LPG قیمت مقرر کرنیکا اختیار اوگرا سے واپس، کمپنی نرخ طے کرے گی

منظور شدہ دکانوں پر فروخت، عوام خالی سلنڈر دکاندار کو دیگی اور بھر اسلنڈر لے جائیگی تاکہ عوام کو حادثات سے بچایا جائے

غیر قانونی فروخت پر کارروائی کا فیصلہ، مافیا سے عوام کی جان چھڑانے کے لیے حکومت نے اقدامات شروع کر دیے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) ایل پی جی مافیا کو کنٹرول کرنے اور عوام کو سستی سرکاری قیمت پر ایل پی جی فراہم کرنے کے لیے ایل پی جی قیمت کا تعین اوگرا کے بجائے پی ایس او سمیت دیگر کمپنیوں پر مشتمل بنائی جانے والی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد، منظم "کالو" گینگ کے 5 کارندے گرفتار

سے لاکھوں روپے مالیت کے چھینے گئے قیمتی موبائل فونز، نقدی واسلحہ برآمد

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد اور راولپنڈی میں راہزنی کی وارداتوں میں ملوث منظم "کالو" گینگ کے 5 ارکان گرفتار۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کے چھینے گئے قیمتی موبائل فونز، نقدی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

مانسہرہ، سی این جی بحران سر اٹھانے لگا، ڈرائیور و مسافر پریشان

گاڑیوں والے CNG گیس کیلئے رات بھر سڑکوں پر خوار ہوتے رہے

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ سی این جی بحران سر اٹھانے لگا، معمولی بارش کے بعد سوئی گیس پائپ لائن میں کمی، اسٹیشنوں کے آگے گاڑیوں کی قطاریں، گاڑی مالکان وڈرائیورز حضرات اور مسافر پریشان، پورے علاقہ میں رات بھر بجلی بھی بند، گاڑیوں والے CNG گیس کیلئے رات بھر سڑکوں پر خوار ہوتے رہے، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ شہر میں سی این جی گیس بحران نے ایک بار سر اٹھالیا ہے گزشتہ منگل وبدھ کی درمیانی رات تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ ہونے والی بارش کے بعد مانسہرہ سوئی گیس مین پائپ لائن میں کمی کے ساتھ ساتھ رات بھر بجلی بھی بندش کا شکار رہی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

جاوید انتظار کا بہارہ کہو میں الخدمت تاجر اتحاد گروپ کی حمایت کا اعلان

گروپ کا بہارہ کہو کے تاجروں کیلئے انتخابی منشور، سوچ اور نظریہ مثبت اور ترقی پسند، گفتگو



اسلام آباد (پ ر) سابق امیدوار قومی اسمبلی اسلام آباد جاوید انتظار نے بہارہ کہو میں الخدمت تاجر اتحاد گروپ کی مکمل حمایت کا اعلان کر دیا۔ اس موقع پر بہارہ کہو کے سرکردہ سماجی رہنماء راجہ عبدالواحد کیانی، امید وار صدر انجمن تاجران الخدمت تاجر اتحاد گروپ راجہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر کا کشمیر پوائنٹ اور باغ شہیداں کا تفصیلی دورہ

بیوٹیفکیشن منصوبے کے تحت تمام کاموں کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچانے کی ہدایت

مری (نمائندہ شہرنامہ) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے کشمیر پوائنٹ پر جاری بیوٹیفکیشن (تزئین و آرائش) سکیم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

طاہر میو کے صاحبزادوں کی دعوتِ ولیمہ، اہم شخصیات کی شرکت

لاہور (اسٹاف رپورٹر) پاکستان میو اتحاد کے صدر چوہدری محمد طاہر خاں میو کے صاحبزادگان شہریار خاں ایڈووکیٹ اور زبیر طاہر خاں ایڈووکیٹ کی دعوت ولیمہ کی پُروقار تقریب لاہور میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں میو برادری کے معززین، عدلیہ، وکلاء (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

کراچی شوٹنگ بال ایسوسی ایشن کے عہدیداران کی سیکریٹری اولمپک ایسوسی ایشن سندھ سے ملاقات

کراچی (پ ر) کراچی ڈویژن شوٹنگ بال ایسوسی ایشن کے عہدیداران کی سیکریٹری اولمپک ایسوسی ایشن سندھ، محترم احمد علی راجپوت صاحب سے ایک اہم ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں کراچی ڈویژن شوٹنگ بال ایسوسی ایشن کے صدر عبدالمنان بلوچ، سیکریٹری جنرل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)



اسلام آباد CIA پولیس کے ہیڈ کانسٹیبل ملک عمر حیات کو اسسٹنٹ سب انسپکٹر کے عہدے پر ترقی پانے پر سجادہ نشین دربار عالیہ بی بی پاکدامن آزاد قلندر سرکار سید انتصار حیدر کاظمی المعروف حیدری شاہ کی جانب سے مبارکباد پھلوں کا گلدستہ پیش کیا اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا

سحر اپنجاب اتھارٹی ختم، یونین کونسل 30، 31، 32 میں صفائی کا بدترین بحران

ابتر صورتحال پر اہلیانِ علاقہ کا شدید تشویش کا اظہار، اتھارٹی کی کارکردگی پر سوالات اٹھا دیے



راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) یونین کونسل 30، 31، 32 میں صفائی کا بدترین بحران، اہلیانِ علاقہ کا سحر اپنجاب اتھارٹی ختم کرنے کا مطالبہ محمود علی شاہ، چاہ سلطان، امر پورہ، محلہ حکمداد اور ظفر الحق روڈ میں صفائی کی ابتر صورتحال پر اہلیانِ علاقہ نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سحر اپنجاب اتھارٹی کی کارکردگی پر سوالات اٹھا دیے اور اتھارٹی ختم کرنے کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

شہرنامہ اسلام آباد

شکایات سیل

- آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
- آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جارہا ہے۔
- آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
- آپ کا حق تلف کیا گیا
- آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جارہا ہے
- آپ کو کسی تھانے میں غلط طریقے سے بند کیا گیا ہے
- آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
- آپ آگرقبضہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
- آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
- آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
- یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

مانسہرہ، ڈی سی کی ہدایت پر ڈی ایچ او کا ہیلتھ سینٹر بٹل کا دورہ

ڈاکٹرز کی غیر حاضری پر برہمی، 3 ڈاکٹرز کی تنخواہیں روکنے کا حکم

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ڈی سی مانسہرہ کی ہدایت پر ڈی ایچ او کا ہیلتھ سینٹر بٹل کا دورہ، ڈاکٹرز کی غیر حاضری پر برہمی، 3 ڈاکٹرز کی تنخواہیں روکنے کا حکم، تفصیلات کے مطابق ڈی سی مانسہرہ کی ہدایت پر ڈی ایچ او ڈاکٹر ثمینہ راؤف نے ہیلتھ سینٹر بٹل کا دورہ کیا، دورے کے دوران 3 ڈاکٹرز غیر حاضر پائے گئے، ڈی ایچ او نے غیر حاضر ڈاکٹرز کی تنخواہیں روکنے کا حکم دیا، ڈاکٹرز کو شوکاز نوٹس جاری کر دیا گیا، ڈاکٹرز کو 3 دن میں جواب جمع کرانے کی ہدایت کی گئی۔

صدر بیس بال فیڈریشن محمد حمود لکھوی اہم اجلاس میں شرکت کیلئے تائیوان روانہ

بیس بال فیڈریشن آف ایشیا کی کانگریس میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے

ایشیائی ٹورنامنٹس میں پاکستان کی ٹیم کی شرکت کو یقینی بنانے کیلئے مشاورت ہوگی، پرویز شیخ



لاہور (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان فیڈریشن بیس بال کے صدر پروفیسر ڈاکٹر محمد حمود لکھوی اہم اجلاس میں شرکت کے لیے تائیوان روانہ ہو گئے۔ وہ بیس بال فیڈریشن آف ایشیا کی کانگریس میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے اور بیس بال فیڈریشن آف ایشیا کے انتخابات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

ریلوے ڈویژنل ٹرانسپورٹیشن آفیسر سیدہ مرضیہ زہرہ کی راولپنڈی آمد

ریلوے پنشنر ویلفیئر ایسوسی ایشن کے رہنماؤں نے شاندار استقبال کیا

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ریلوے ڈویژنل ٹرانسپورٹیشن آفیسر سیدہ مرضیہ زہرہ کی راولپنڈی آمد پر ریلوے پنشنر ویلفیئر ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد یونس جٹ، جنرل سیکرٹری سید ظہور شاہ، سینئر نائب صدر محمد شفیع نے انہیں خوش آمدید اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
شکی پرنٹرز
SPS
جنرل آرڈر سپلائر
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل آئنک ویدر پروف انکس
ایوارڈ، شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزیٹنگ کارڈ | لیٹر پیڈ | سائن بورڈ | ٹائی | فائل | بل بکس | سکول کاپی | پارٹی پرچم | اشتہارات | بروشرز | سکول ڈائری | سٹیکر
ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی | سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083